© rasailojaraid.com



مقالۂ خصوصی

# نفاذِ شریعت ایکٹ ۱۹۹۱ء[1] ------- ایک جائزہ

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد

(۱)

## ابتدائیہ - چند بنیادی سوالات

نفاذِ شریعت بِل قومی اسمبلی اور سینٹ میں منظور ہونے' اور صدرِ مملکت کی توثیق کے بعد اب "نفاذِ شریعت ایکٹ" بن چکا ہے' اور اِس طرح پاکستان میں پہلی بار اِسلامی شریعت کو کم سے کم اس کی کتابِ قانون میں ملک کا بالا تر قانون تسلیم کر لیا گیا ہے۔ ملک میں نفاذِ شریعت کی جدّوجہد ایک طویل عرصے سے جاری ہے۔ اِس لئے بجا طور پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ شریعت ایکٹ وہی چیز ہے جو اس جدّوجہد کا کم سے کم مطلوب تھا یا ہو سکتا تھا ؟ کیا اس ایکٹ سے وہ اجتماعی اور تاریخی عمل شروع ہو سکتا ہے' یا ہو جائے گا' جو پاکستان کو اس کے اصل نصبُ العین' اور ایک مُسلمان کی آرزوؤں اور تمنّاؤں کے "منتہیٰ" یعنی اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی ہدایت کے مطابق معاشرہ کی تشکیل' اللہ تعالیٰ کے قانون کی فرمانروائی' اُس کے دین کے قیام' اُس کے کلمہ کی سربلندی' یا اِسلامی نظام کے قیام کی طرف کم سے کم وقت میں رواں دواں کر سکے ؟

یہ سوال اُن سب لوگوں کے لئے انتہائی اہم ہے جو قیامِ پاکستان کے وقت سے ہی نفاذِ شریعت کے لئے کوشاں ہیں' اور جن کی کاوشیں مسلسل اس ہدف پر مرکوز رہی ہیں۔ اِس ایکٹ سے کیا حاصل ہُوا' کیا حاصل نہیں ہو سکا ؟ کیا پایا' کیا کھویا ؟ قدم آگے بڑھے ہیں' یا اور پیچھے چلے گئے ہیں ؟ اُمید کی شمع روشن ہُوئی ہے' یا آرزوؤں کا دیا بجھ گیا ہے ؟ جدّوجہد کسی نقطۂ اختتام پر پہنچ گئی ہے' یا اسے اسی طرح جاری رہنا ہے جس طرح پہلے تھی ؟ ۱۹۹۰ء کے انتخابات میں کیا ہُوا وعدہ پورا کر دیا گیا ہے' یا کم سے کم اس کی طرف ایک قدم آگے بڑھا دیا گیا ہے' یا قوم کو صرف چند خوبصورت الفاظ اور وعدہ پر ٹرخا دیا گیا ہے ؟ اُن کی بات تو جانے دیجئے جو سرے سے شریعت کا نفاذ ہی نہیں چاہتے' یا اِس کے مخالف ہیں' وہ لوگ جو دل سے شریعت کے نفاذ

[1] ملاحظہ فرمائیں: ضمیمہ نمبر ۴



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے آرزو مند ہیں ' اُن کے ذہنوں میں بھی شریعت ایکٹ کے بارے میں شکوک و شبہات ہیں ' اور اِس قسم کے سوالات مسلسل گردش کر رہے ہیں ۔ مختلف دینی حلقوں کی طرف سے اِس ضمن میں مختلف ' بلکہ بعض دفعہ متضاد آوازیں اُٹھ رہی ہیں ۔ اِس لئے ضروری ہے کہ شریعت ایکٹ کا بے لاگ جائزہ لیا جائے اور دیکھا جائے اِس سے کیا حاصل ہُوا اور کیا نہیں ہوسکا ؟ اِس میں کیا خوبیاں ہیں ' اور کیا خامیاں۔

(۲)

## شریعت کی بالا تری اور نفاذِ شریعت ایکٹ ۱۹۹۱ء

### (ا) شریعت کی بالا دستی کا تصوّرِ مطلوب

مُسلمان صرف اسی وقت صحیح ——— معنوں میں حقیقی مُسلمان ہو سکتا ہے جب وہ اپنی پُوری زندگی اللہ تعالیٰ کی مرضی کے مطابق گزارنے کے لئے تیار ہو ' اور اِس راہ میں مسلسل کوشاں رہے ۔ اللہ تعالیٰ کی مرضی کیا ہے ؟ شریعت اِسی سوال کا جواب ہے ۔ اللہ کی کتاب اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی سنّت میں جو ہدایات و احکام دیئے گئے ہیں وہی اللہ تعالیٰ کی مرضی کا مظہر ہیں ۔ اور شریعت انہی احکام پر مشتمل ہے ' یا ان سے مستنبط احکام پر ——— اسی لئے شریعت اور شریعت کا نفاذ ہر مُسلمان کے دل کی آرزو اور اس کا نصبُ العین رہی ہے ' اور ہے ۔

اِس لحاظ سے شریعت کا دائرہ پُوری انسانی زندگی پر محیط ہے۔ شریعت میں ——— اِنسان کی نیّت اور ارادہ بھی شامل ہے ' اس کی عبادت ——— اور مراسمِ عبادات بھی ۔ گویا اس کا ظاہر بھی ' اور اس کا باطن بھی ۔ اس کے اخلاق بھی ——— اور اس کے آداب بھی ۔ اس کی پرائیویٹ لائف بھی ' اور اس کی پبلک لائف بھی ۔ اس کا سیاسی ڈھانچہ بھی اور اس کی خاندانی زندگی بھی ۔ اِس کی معیشت بھی اور معاشرت بھی ۔ اس کا آرٹ بھی اور اس کا فنِ تعمیر بھی ۔ اس طرح شریعت کا ایک بڑا حصّہ وہ ہے جو دستوُر و قانون ' ریاستی قواعد و ضوابط ' حکومتی ریاستی امُور اور پبلک پالیسی کے تحت نہیں آتا ' لیکن ایک بڑا حصّہ وہ بھی ہے جو اسی دائرہ کے تحت آتا ہے ۔ دستوُر اور قانون کے ذریعہ جب بھی شریعت نافذ کرنے کا کام ہو گا تو وہ انسانی زندگی کے اسی بہت بڑے حصّے ہی سے تعرّض کرے گا۔

دستوُر و قانون کے ذریعہ پبلک لائف کے دائرہ میں نفاذِ شریعت کے لئے سب سے زیادہ ضروری ' بلکہ بالکل ناگزیر ' امر یہ ہے کہ شریعت ملک کا بالا تر قانون ہو ۔ قانون کے

© rasailojaraid.com

دائرہ میں ہر قانون کے مقابلے میں، تمام ریاستی و حکومتی اُمور و احکام اور قواعد و ضوابط کے مقابلے میں، ہر رسم و رواج کے مقابلے میں، حتیٰ کہ خود دستوُر کی ہر دفعہ کے مقابلہ میں۔ قرآن و سنّت کو اور شریعت کو بالا دستی حاصل ہو۔

(ب) نفاذِ شریعت ایکٹ ایک اہم پیش رفت

شریعت ایکٹ کا سب سے روشن پہلو یہ ہے کہ پاکستان کی ۴۴ سالہ تاریخ میں یہ وہ پہلی قانونی دستاویز ہے جس میں شریعت کو ملک کا بالا ترین قانون قرار دیا گیا ہے۔ اِس امر کا اعتراف ضروری ہے کہ یہ ایک بہت اہم پیش رفت ہے۔ اور اس ایکٹ کے ذریعہ سے، اگر حکومتی ذمہ دار اور عدالتیں چاہیں اور اس قانون کا نفاذ خلوص اور سنجیدگی کے ساتھ کریں، تو نفاذِ شریعت کے لئے بے شمار دروازے کھولے جا سکتے ہیں، اور اِس راہ پر بہت آگے جایا جا سکتا ہے۔

(ج) نفاذِ شریعت ایکٹ اور قرآن و سنّت کی بالادستی

لیکن کیا محض شریعت ایکٹ میں قرآن و سنّت کو بالا ترین قانون قرار دیا جانا، اور اس انداز میں قرار دیا جانا جس انداز میں قرار دیا گیا ہے، ریاست اور قانون کے دائرہ میں ان کی بالاتری قائم کرنے کے لئے کافی ہے ؟ جو شخص بھی قانون اور دستوُر کے فرق سے واقف ہے وہ جانتا ہے کہ ملک کا بالا ترین قانون دستوُر ہوتا ہے، اور پارلیمنٹ کا منظور کردہ کوئی قانون دستوُر سے بالاتر نہیں ہو سکتا۔ دستوُر میں اگر قرآن و سنّت کے خلاف کسی قانون یا ضابطہ کو تحفّظ دیا گیا ہے، تو شریعت ایکٹ کے باوجود اس قانون یا ضابطہ کو تحفّظ حاصل رہے گا اور وہ قرآن و سنّت سے بالا تر ہی رہے گا۔ اگر دستوُر کاروبارِ مملکت کے کسی حصّہ کو قرآن و سنّت کی بالا تری کے دائرہ سے باہر رکھتا ہے، تو شریعت ایکٹ کے باوجود وہ حصّہ قرآن و سنّت کی بالاتری کے دائرہ سے باہر ہی رہے گا۔ اِسی طرح اگر خود دستوُر کی کوئی دفعہ قرآن و سنّت کے خلاف ہے، تو شریعت ایکٹ کے باوجود وہ دفعہ نافذُ العمل رہے گی۔ اِسی طرح شریعت ایکٹ کے تحت قائم کردہ قرآن و سنّت کی بالاتری کسی طرح بھی دستوُر کے کسی حصّہ پر اثر انداز نہیں ہو سکتی۔

پاکستان کے دستوُر میں ایسے حصّے موجود ہیں جو یا تو خود قرآن و سنّت کے خلاف ہیں، یا اِن معنوں میں قرآن و سنّت کے خلاف ہیں کہ وہ بعض قوانین، بعض حکومتی اختیارات اور ماضی کے بعض اقدامات کو شریعت کے دائرہ سے باہر رکھتے ہیں۔ گویا دوسرے الفاظ میں، ان کو قرآن و سنّت سے بالاتر رکھتے ہیں۔ نہ صرف قرآن و سنّت سے بالاتر رکھتے ہیں، بلکہ اس پالیمنٹ اور ان بنیادی حقوق سے بھی بالاتر رکھتے ہیں، جن کی بالاتری مرحلہ پر دی جاتی ہے جب نفاذِ شریعت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کا نام لیا جاتا ہے' اور کہا جاتا ہے کہ شریعت کے نفاذ سے پالیمنٹ کی بالادستی ختم ہو جائے گی' اس کا حقِ قانون سازی عدالتوں کو منتقل ہو جائے گا۔ اور بنیادی حقوق خطرے میں پڑ جائیں گے۔ حالانکہ دستور کے یہ حصے اور تحفظات تو پہلے ہی بنیادی حقوق کو پامال کر رہے ہیں' اور پارلیمنٹ کی بالادستی اور حقِ قانون سازی پر قدغن اور پابندی لگاتے ہیں۔

دستور کی دفعات میں سے قرآن و سنت کے خلاف دفعات کی ایک واضح مثال وہ دفعات ہیں' جو صدرِ ریاست' وزیرِ اعظم' وزراء' حکومتی افسران اور اُن کے اقدامات کو عدالتی محاسبہ سے بالا تر قرار دیتی ہیں' اِسلام کے نظامِ انصاف کا یہ اصُول بالکل بنیادی ہے کہ تمام شہری' قانون کے سامنے برابر ہیں۔ حاکم و محکوم کے درمیان تفریق دورِ غلامی کی میراث ہے' جس کو ہر دستُور ساز اپنے مفاد میں تحفظ دیتا ہے۔

جن قوانین و اقدامات کو دستُور میں قرآن و سنت کے دائرہ سے باہر رکھا گیا ہے' گویا ان کو قرآن و سنت سے بالا تر رکھا گیا ہے' ان کی واضح مثالیں مُسلم فیملی لاز آرڈی نینس' عدالتی طریقِ کار کے قوانین اور مارشل لاء حکومتوں کے بے جا اقدامات وغیرہ ہیں۔ مُسلم فیملی لاز آرڈی نینس' ایوب خان صاحب کے دَور میں مارشل لاء کے بِل پر نافذ کیا گیا۔ لیکن اس کے بعد ہر آنے والے حکمران نے' جو مارشل لاء کے بِل پر ہی آیا' اس کو عدالتی چارہ جوئی کے خلاف تحفظ عطا کیا۔ ذوالفقار علی بھٹو کا غیر اِسلامی دَور اور اُن کا ۱۹۷۳ء کا دستُور ہو' یا جنرل ضیاء مرحوم کا اِسلامائزیشن کا دور اور ان کا ۱۹۸۵ء کا دستُور' فیملی لاء آرڈی نینس کو ہر ایک نے قرآن و سنت سے بالا تر قانون ہی رکھا۔ نہ صرف قرآن و سنت سے' بلکہ بنیادی حقُوق اور پارلیمنٹ سے بھی بالاتر۔ اِسی طرح جس نے بھی مارشل لاء لگایا' اور جائز و ناجائز اقدامات کئے' خواہ وہ ایوب خان ہوں' بھٹو صاحب ہوں یا جنرل ضیاالحق' ہر ایک نے اپنے اقدامات کو ایسا جواز و تحفظ فراہم کیا کہ نہ قرآن و سنت ان کو غیر مؤثر کریں' نہ بنیادی حقوق' نہ دستُور کی کوئی اور دفعہ' نہ کوئی عدالتی کارروائی۔

دستُور و قانون کے فرق کو' دستُور کی بالاتر حیثیت کو اور ہمارے دستُور کے ان خلافِ قرآن و سنت پہلوؤں کو ذہن میں رکھا جائے تو شریعت ایکٹ کے خلاف یہ اعتراض کوئی وزن نہیں رکھتا کہ اس کے ذریعے موجودہ سیاسی ڈھانچے' عدالتی نظام یا فیملی لاز آرڈی نینس کو شریعت کی بالا تری کے دائرہ سے باہر کر دیا گیا ہے۔ ان کو تو ۱۹۶۲ء سے آج تک ہر دستُور نے مکمل تحفظ دیا ہے اور جس چیز کو دستُور نے شریعت کے دائرہ سے باہر رکھا ہو' پارلیمنٹ کے کسی قانون کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بس میں یہ نہ تھا کہ اس کو شریعت کے دائرہ میں داخل کر دیتا۔ اگر جنرل ضیاء الحق نے بھی فیملی لاز آرڈی نینس' عدالتی نظام' اور دس سال کے لئے مالی امور کو دستور کے تحت قرآن و سنّت کی بالاتری کے دائرہ سے باہر رکھا ہو' یا رکھنے پر مجبور رہے ہوں۔ اور ان کے نافذ کردہ شریعت آرڈی نینس نے بھی ان کو اس دائرہ میں داخل نہ کیا ہو' یا نہ کر سکا ہو' تو آج کی یہ پارلیمنٹ صرف شریعت ایکٹ کے ذریعہ یہ کارنامہ کس طرح سرانجام دے سکتی تھی۔

یہ بات بالکل واضح اور صاف ہے کہ ہر قانون کے مقابلے میں' ہر حکومتی ضابطے اور قاعدے کے مقابلے میں' ہر پالیسی کے مقابلے میں' ہر حکومتی اقدام کے مقابلے میں' حتیٰ کہ خود دستور کی ہر دفعہ کے مقابلے میں' قانوناً قرآن و سنّت کی بالاتری اس وقت تک قائم نہیں ہو سکتی' جب تک اس امر کو اُسی طرح' دستوری ترمیم کے ذریعے خود دستور میں رقم نہ کر دیا جائے۔ چنانچہ شریعت ایکٹ خود اپنی جگہ شریعت کی بالاتری قائم کرنے کے لئے ناکافی ہے۔

جس نے بھی اور جب بھی' دستوری و قانونی ذرائع سے شریعت نافذ کرنے کا مطالبہ کیا یا اس کے لئے کوشش کی' وہ کبھی بھی اس بنیادی حقیقت سے غافل نہ تھا۔ حتیٰ کہ چار نکاتی مطالبہ' اسلامی نظام ہو یا اِسلامی دستور کی جدّوجہد' آٹھویں اور نویں ترمیمی بل ہوں یا سینٹ میں شریعت کا بِل' یہ ادراک ہمیشہ رہا کہ شریعت کے نفاذ کے لئے قرآن و سنّت کو ملک کا بالاترین قانون ہونا چاہیے۔ اور یہ اُسی وقت ہو سکتا ہے کہ جب خود ملک کا دستور اس بالاتری کو تسلیم کرے اور غیر مشروط طور پر کرے۔ جس طرح ایک فرد صحیح معنوں میں اُسی وقت مُسلمان ہو سکتا ہے۔ جب وہ کلمہ کو زبان سے ادا کرے اور قلب سے اس کی تصدیق کرے' اِسی طرح ریاست صحیح معنوں میں اُسی وقت تابعِ شریعت ہو سکتی ہے' جب وہ کلمہ کے اُن مُقتضیات کو دستور میں درج کر دے' اور صدقِ دل سے ان کو تسلیم کر کے ان پر عمل کے لئے کوشاں ہو جائے۔

حتیٰ کہ شریعت ایکٹ ۱۹۹۱ء کو پیش کرنے اور منظور کرانے والے بھی یہ بات خوب اچھی طرح جانتے تھے اور سمجھتے تھے کہ دستوری ترمیم کے بغیر نفاذِ شریعت کا کام مکمل اور مستحکم نہیں ہو سکتا' بلکہ اس سے آگے بڑھ کر' وہ یہ ادراک بھی رکھتے تھے کہ نفاذِ شریعت ایک ہمہ گیر عمل کا نام ہے جو محض ایک قانون منظور کر دینے' یا دستور میں ترمیم کر دینے سے بھی' عبارت نہیں۔ بلاشبہ یہ قانون اور یہ ترمیم وسیع تر عمل کا ایک اہم حصّہ ہے لیکن اس کے پورے نتائج صرف اُس وقت سامنے آسکتے ہیں جب ایک ایسا پورا پیکج نافذ کیا جائے جو ایک طرف کاروبارِ مملکت کے تمام اہم حصّوں پر مُحیط ہو' دُوسری طرف معاشرہ کی پُوری زندگی پر اثر انداز ہو۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

چنانچہ وزیرِ اعظم پاکستان جناب نواز شریف نے جب ۲۴ رمضان المبارک ۱۴۱۰ھ (۱۰ اپریل ۱۹۹۱ء) کو پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں قوم کے سامنے نفاذِ شریعت کے عہد کا اعادہ کیا، تو انھوں نے نہ صرف وعدہ کیا کہ اس کے ساتھ ہی ساتھ، اگلے ہی دن، ترمیمِ دستور بل بھی پیش کیا جائے گا جو قرآن و سنّت کو ملک کا بالا ترین قانون قرار دے گا۔ اگر یہ ترمیمِ دستور بل پیش ہو جاتا اور اُسے اُسی انہماک، لگن اور یکسوئی سے پاس کرایا جاتا جس طرح بارھواں دستوری ترمیم کا بل پاس کرایا گیا، تو قانونی طور پر نفاذِ شریعت کا کام مستحکم بنیادوں پر قائم ہو جاتا۔ لیکن اِدھر جناب وزیرِ اعظم قوم سے یہ وعدہ کر کے عمرہ پر تشریف لے گئے، اُدھر دستوری ترمیم کا بل اس طرح غائب ہو گیا جس طرح گدھے کے سر سے سینگ۔ نہ وہ ترمیمی بل پیش ہوا، نہ اس کے پیش نہ ہونے کی کوئی وجہ بیان کی گئی، نہ قوم سے اس وعدہ خلافی کی کوئی معذرت کی گئی، نہ بعد میں شریعت ایکٹ کی منظوری کے پورے دور میں کبھی اس کا ذکر کیا گیا، حتیٰ کہ جب بارھویں ترمیمی بل کے لئے زور و شور سے مہم چلائی گئی اور قوم سے خطاب کیا گیا، اُس وقت بھی دستور کی یہ ترمیم یاد نہ آئی۔ گویا جہاں تک دستور میں قرآن و سنّت کی بالاتری تسلیم کرنے کا وعدہ اور اعلان کا تعلق تھا، سب کو سانپ سونگھ گیا۔

## (د) شریعت کی بالاتری کی واحد صورت

بلا شبہ شریعت ایکٹ جیسا کہ منظور ہوا ہے، اس میں کئی مثبت اور خوش آئند پہلو ہیں اور اس میں کئی نمایاں خامیاں بھی ہیں۔ حقیقتاً یہ ایکٹ بھی، اگر صدق دلی سے یہ کام سرانجام دیا جاتا تو اس سے کہیں زیادہ بہتر صورت میں آسکتا تھا، لیکن اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ اس ایکٹ کو کتنا ہی بہتر بنالیا جاتا، دستور میں ہر چیز کے مقابلے میں، اور کسی بھی چیز کے علی الرغم قرآن و سنّت کی بالاتری تسلیم کیے جانے کے بغیر ہر نقش خام ہوتا اور ہر کوشش ناتمام۔

آج شریعت ایکٹ کی جو خامیاں ہدفِ تنقید ہیں، اُن کا علاج شریعت ایکٹ میں نہیں تھا بلکہ دستوری ترمیمی بل میں ہے۔ اور وسیع تر پیکج (Package) کے نفاذ میں ہے جو جناب وزیرِ اعظم کے پاس موجود اور تیار ہے اور جس کے نفاذ کا وہ اعلان کر چکے ہیں۔

ہم بجا طور پر یہ اُمید رکھتے ہیں کہ جناب وزیرِ اعظم اور اُن کی حکومت، ضروری دستوری ترمیمی بل، معاون قوانین اور دوسری انتظامی اصلاحات کے نفاذ کے بارے میں کوئی کوتاہی نہیں کرے گی۔ یہ اُن کا عہد اور وعدہ ہے، جو انھوں نے نہ صرف انتخابات کے دوران بڑے بڑے مجمعوں کے سامنے بانگِ دُہل کیا ہے، بلکہ اسی کی بنیاد پر ووٹ مانگتے ہیں اور کامیاب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


ہوئے ہیں، بلکہ رمضانُ المبارک کے مقدّس مہینے میں، اللہ کے گھر میں حاضری کے لئے جاتے وقت، ملک کی نمائندہ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں بھی کیا ہے، وہ اس وعدہ کی عدمِ تکمیل کی صُورت میں اپنے خُدا، اپنی قوم اور اپنے ضمیر، تینوں کے سامنے مُجرم ٹھہریں گے۔

(۳)

## شریعت کی بالادستی کے لئے کی جانے والی جدّوجہد پر ایک نظر

تمنّائیں اور دُعائیں اپنی جگہ، لیکن کیا ماضی کے حقیقت پسندانہ جائزہ سے یہ اُمید بندھ سکتی ہے کہ دستُوری ترمیم کا وعدہ پورا ہو گا اور نفاذِ شریعت کا کام واقعتاً کسی راستہ پر لگ جائے گا؟

سیّد ابوالاعلیٰ مودُودی رحمتہ اللہ علیہ نے جب چار نکاتی مطالبہ نظامِ اِسلامی لے پیش کیا، تو اس کا اہم ترین نکتہ یہی تھا کہ قرآن و سنّت کو بالاتر حیثیت حاصل ہو۔ قرآن و سنّت کی بالاتری کے معنی تو موجودہ جاہلی نظام پر ایک ضربِ کاری ہے۔ چنانچہ خوشنما الفاظ میں قرار دادِ مقاصد ۲ے پاس ہو گئی، اس سے بھی زیادہ خوشنما الفاظ میں اسمبلی میں اس کا قصیدہ پڑھا گیا لیکن اس قرار دادِ مقاصد سے قرآن و سنّت کی بالاتر حیثیت کے متعلق نکتہ غائب تھا۔ اور قرار دادِ مقاصد جس شکل میں پاس ہُوئی۔ اس شکل میں بھی اس کو اتنا خطرناک سمجھا گیا کہ اس کو دستُور کا واجبُ التنفیذ حصّہ بنانے کے بجائے دیباچہ بناکر آویزاں کر دیا گیا۔ اس کے یہ معنی ہرگز نہیں کہ قرار دادِ مقاصد ایک بے معنی چیز تھی۔ نہیں، تمام خامیوں کے باوجُود یہ ایک اہم سنگِ میل تھی۔ اس نے ہمیشہ کے لئے ریاست کا رُخ متعیّن کر دیا، اور پاکستان کو اِسلام کے کھونٹے سے باندھ دیا گیا۔

اِسلامی دستُور کے لئے جدّوجہد ایک طویل عرصہ تک جاری رہی، لیکن جو کچھ حاصل ہُوا اُس کا خلاصہ یہ تھا کہ اِسلام کی وہ ساری تعلیمات جو واجبُ التنفیذ ہونا چاہیے تھیں، وہ رہنما اصُولوں کے طور پر دستُور کے شروع میں سجا دی گئیں۔ زیادہ سے زیادہ یہ بات دستُور میں تسلیم کر لی گئی کہ کوئی قانون بھی قرآن و سنّت کے خلاف نہ بنایا جائے گا، لیکن اس کے نفاذ کے لئے بھی کوئی طریقِ کار دستُور میں شامل نہ کیا گیا۔ موجودہ قوانین کو اِسلام کے سانچے میں ڈھالنے کے لئے اِسلامی نظریاتی کونسل جیسا غیر مؤثر ادارہ تجویز کیا گیا۔ اس کی رپورٹیں پارلیمنٹ کے آگے رکھنے تک کو لازم نہ قرار دیا گیا۔ چنانچہ اگر کبھی اس کونسل نے سنجیدگی سے اپنا کام کیا تو اس کی ساری سفارشات "دریا بُرد" نہ بھی کی جا سکیں تو "فائلنگ کے لئے الماری بُرد" ضرور کی جاتی رہیں۔

---

لے ملاحظہ فرمائیں: ضمیمہ ۱ ۔ ۲ے ملاحظہ فرمائیں ضمیمہ ۲

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


اس کے بعد ۱۹۷۷ء کا مارشل لاء آیا۔ جنرل ضیاء الحق مرحوم سب سے بڑھ کر اسلامائزیشن کے مدّعی اور دُعاگو تھے۔ اور اِس کا اعتراف ضروری ہے کہ جو کچھ کام اُنھوں نے کیا، اتنا کام بھی اُن کے کسی پیش رَو سے نہ بن پڑا تھا۔ قرار دادِ مقاصد کو دستُور کے مستقل احکام کا حصّہ بنایا۔ فیڈرل شریعت کورٹ قائم کی، جس نے گرانقدر خدمات انجام دی ہیں، اگرچہ اس کے ججوں کی حیثیت صدرِ مملکت کے ملازمین کی رہی۔ نظامِ صلوٰۃ و زکوٰۃ قائم کیا، حدُود آرڈی نینس نافذ کیا وغیرہ وغیرہ۔ لیکن ایک طرف تو اِسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات سے اُن کی الماریاں بھرتی رہیں، دُوسری طرف دستُور میں ترمیم کے لئے کُھلے اختیارات رکھنے کے باوجود، اور ہر ایسی دستُوری ترمیم کرنے اور کرانے کے باوجود، جس سے ان کی پوزیشن بحیثیت صدر مستحکم اور غالب ہوتی تھی، اُنھوں نے دستُور میں وہ دو سطری ترمیم نہ کی جس سے قرآن و سنّت کی پوزیشن بحیثیتِ قانون کے غالب اور مستحکم ہو جاتی۔

اس تاریخی پس منظر میں کیا ہمیں یہ اُمّید رکھنا چاہیے کہ جناب وزیرِ اعظم قوم سے اپنا وعدہ پُورا کریں گے ــــــــــ، اور دستُوری ترمیمی بِل کے ذریعے قرآن و سنّت کو ملک کا بالا تر قانون قرار دے دیا جائے گا؟ ہم اِس سوال کا جواب اپنے قارئین پر چھوڑتے ہیں، بس اتنا ضرور کہیں گے کہ شریعت ایکٹ میں ہزار خامیاں سہی، اس کو اُن خامیوں کے لئے موردِ الزام قرار دینا انصاف سے بعید ہوگا جن خامیوں کا ازالہ اس ایکٹ کے دائرہ کار میں نہیں آتا، بلکہ دستُوری ترمیم کے دائرہ کار میں آتا ہے۔

(۴)

## نفاذِ شریعت ایکٹ ۱۹۹۱ء کے چند مثبت پہلو

### (۱) اِسلامی نظامِ ریاست کے حق میں تجدیدِ عہد

شریعت ایکٹ صرف اِس بنا پر ہی اہم نہیں ہے کہ اِس کے ذریعہ ایک بار پھر قوم اور اُس کی پارلیمنٹ نے اللہ تعالیٰ کی حاکمیت، قرآن و سنّت کی بالادستی اور اِسلام کے اجتماعی نظام کو عملاً قائم کرنے کے عہد کا اعادہ کیا ہے، بلکہ اس کے ذریعہ اس نظریاتی بحث کو بھی ایک بار پھر اِسلامی نظامِ ریاست کے حق میں طے کر دیا گیا ہے، جسے کچھ حلقوں نے گزشتہ دس بارہ سال میں بڑی ہَوا دی تھی، اور جِس کے سہارے پاکستان کو ایک سیکولر ریاست بنانے کے لئے عالم گیر مہم چلائی گئی۔ اس مہم کے دوران بڑی ہی دیدہ دلیری کے ساتھ اِسلام اور اس کے قانون کو مارشل لاء اور فوجی آمریّت سے خلط ملط کیا گیا۔ اسلام کے بارے میں گمراہ کن پراپیگنڈہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


(Disinformation) کی یہ مُہم مُلک میں بھی چلائی گئی اور بیرونِ ملک بھی' اور اِس سلسلہ میں جھوٹ اور غلط بیانی کے جھکّڑ تک چلائے گئے۔ مثلاً یہ کہ "شریعت آئے گی تو پارلیمنٹ بے حیثیت ہو کر رہ جائے گی"۔ "بنیادی حقوق پر کاری ضرب لگے گی"۔ "عورتوں کے حقوق چِھن جائیں گے"۔ "غیر مُسلم تو دُوسرے درجے کے شہری ہو کر رہ جائیں گے"—سب سے بڑھ کر یہ کہ "جمہوری نظام دفن ہو جائے گا"—— "شریعت کی آواز مارشل لاء کی پیداوار ہے' آمریّت کا تحفہ ہے۔ عوام قطعاً اِس کے ساتھ نہیں"۔

نفاذِ شریعت ایکٹ ۱۹۹۱ء ملک کی پارلیمنٹ نے کُھلی بحث کے بعد عظیم اکثریت سے منظور کیا ہے' اور اِس طرح جمہوری عمل کے ذریعہ شریعت کا نفاذ جیسا کچھ' اور جتنا کچھ ہُوا ہے' پارلیمنٹ نے شریعت ایکٹ پاس کر کے اُس وعدہ کو پُورا کرنے کی طرف ایک قدم بڑھایا ہے' جو اِسلامی جمہوری اتحاد نے قومی انتخابات کے موقع پر عوام سے کیا تھا' اور جِس پر عمل کرنے کا واضح مَنڈیٹ عوام نے اکتوبر ۱۹۹۰ء کے انتخابات میں اُن کو دیا تھا۔ اصولاً جمہوری عمل کے ذریعہ شریعت کے نفاذ کی جانب پیش رفت' کتنی ہی خام کیوں نہ ہو' ایک خوش آئند عمل ہے۔ اور اِس بات کی نفی کرتی ہے کہ شریعت اور جمہوریت یا ملکی معاملات میں عامتہُ المسلمین کی بالادستی کے درمیان کوئی تناقض ہے۔

## (ب) مقننہ اور عدالت کے ذریعے نفاذِ شریعت کے امکانات

سماجی تبدیلی کے لئے دو مؤثّر قانونی طریقے آج دنیا میں معروف ہیں یعنی (ا) پارلیمنٹ کے ذریعہ قانون سازی' اور (ب) عدالتوں کے ذریعہ قانون کی تنفیذ۔ شریعت ایکٹ کے بعد ان دونوں طریقوں کا بیک وقت نفاذِ شریعت کے لئے متحرک ہونے کا راستہ کُھل گیا ہے۔

شریعت ایکٹ میں قرآن و سنّت کی قانونی بالادستی قائم کر دی گئی ہے' اگرچہ یہ بالادستی دراصل دستوری تحدیدات کی پابند ہے جن کا ازالہ دستوری ترمیم کے بغیر ممکن نہیں' لیکن ان تحدیدات کے دائرہ میں اب احکامِ شریعت کے قیام کے لئے تدوینِ قانون (Codification Of Law) کا انتظار ضروری نہیں رہا۔ بلکہ شریعت کے ان احکام کی روشنی میں بھی' جو قانونی طور پر ملک میں پارلیمنٹ کے ذریعہ نافذ نہیں ہُوئے ہیں' عدالتیں قانونی معاملات پر غور کر سکیں گی اور تصادم و تضاد کی صُورت میں ملکی قانون کے اُس حصّہ کو ختم کر سکیں گی۔ جو شریعت کے خلاف ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

شریعت ایکٹ کی ضرورت ہی اس بنا پر پڑی کہ پارلیمنٹ اور صوبائی حکومتیں گزشتہ ۴۳ سال میں ملک کے قانون کا شریعت کی روشنی میں جائزہ نہیں لے سکیں اور اِسلامی قانون کو مدّون کرنے کی طرف کوئی قابلِ ذکر پیش رفت نہیں کر سکیں۔ اب اِس قانون کے نتیجہ میں ایک طرف پارلیمنٹ کے لئے اسلامی قانون کی تدوین کا کام ضروری ہو جائے گا اور اس طرح پارلیمنٹ جِس تعطّل کا شکار رہی ہے، اُس کے ٹوٹنے کا امکان ہے۔ اور دُوسری طرف اس قانون کا یہ بھی حاصل ہے کہ عدالتیں شریعت کے قانون کو، خواہ وہ غیر مدّون ہی کیوں نہ ہو، زیرِ غور لا سکیں گی، اور اپنے فیصلے کرنے میں ملک کے دستُور اور قانون کے ساتھ ساتھ قرآن و سنّت کے احکام پر بھی غور کرنے کی پابند ہوں گی، اگرچہ ملک کے دستُور پر اور اُن معاملات پر جن کو خود دستُور نے باہر کر دیا ہے، قرآن و سنّت کی روشنی میں غور و احتساب تو اب بھی ان کے دائرہ سے باہر ہو گا تاہم باقی معاملات میں عدالتیں شریعت کے احکام کو پیشِ نظر رکھنے کی پابند ہوں گی۔ بلاشبہ جن معاملات میں ملکی قانون اور شریعت میں تصادم ہو گا ان میں قانون کے جائزونا جائز ہونے پر دستُور کے مطابق غور ہو گا۔ البتہ جن معاملات میں عدالت ماضی میں عرف، رسم و رواج یا قانونِ فطرت کے مطابق فیصلہ کرتی تھی، اب اُن میں وہ سب سے پہلے شریعت سے رجوع کرے گی اور شریعت کے مطابق ہی فیصلہ کرے گی۔ اِسی طرح تعبیرِ قانون میں بھی قانون کی اُس تعبیر کو ترجیح دے گی جو شریعت کے مطابق ہو۔

شریعت ایکٹ کی وجہ سے شریعت کے نفاذ کے یہ دونوں راستے متحرک ہو سکتے ہیں، اور پارلیمنٹ اور عدالت، دونوں کے لئے شریعت کے احکام سے رجوع ضروری ہو جائے گا، نیز نفاذِ شریعت کے سلسلے میں گزشتہ دس گیارہ سالوں میں فیڈرل شریعت کورٹ اور دُوسری اعلیٰ عدالتوں نے جس کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے وہ اب اور زیادہ مؤثر ہونے کی توقع کی جا سکتی ہے۔

## (ج) شریعت کی جامع اور متفق علیہ تعریف

شریعت ایکٹ کا ایک اور پہلو جو خصوصی غور و فکر کا متقاضی ہے، شریعت کی تعریف کے متعلق ہے۔ ہم فخر محسوس کرتے ہیں کہ اس سلسلہ میں عالمِ اسلام میں پاکستان کا کردار بڑا ہی نمایاں اور منفرد ہے۔ مُسلم ممالک کے دساتیر کے جائزہ سے معلوم ہوتا ہے کہ جن ممالک نے اِسلام کو قانون سازی میں کوئی حصّہ دیا ہے اُنہوں نے بھی اس کام کو مخصوص فقہی تحدیدات کا پابند کر دیا ہے۔

سعودی عرب کی حیثیت منفرد ہے کہ تحریری دستُور نہ ہوتے ہوئے بھی ایک سرکاری فرمان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے ذریعہ قرآنِ پاک کو ملک کا دستور قرار دیا گیا ہے۔ گو عملاً قانونی اور عدالتی فیصلے حنبلی مسلک کی روشنی میں ہوتے ہیں لیکن بطورِ ماخذ صرف قرآن و سنّت کا ذکر کیا گیا ہے۔ افغانستان میں انقلاب سے قبل فقہ حنفی کو ملک کا رائجُ الوقت قانون تسلیم کیا گیا تھا۔ ایران میں صرف جعفری فقہ کو قانون کا درجہ حاصل ہے اور صرف جعفری فقہ کے ماہرین اِس مجلس کے رکن بن سکتے ہیں جو دینی معاملات میں پارلیمنٹ کی رہنمائی کرتی ہے۔ مصر، یمن، اور متعدّد دُوسرے ممالک میں بھی کسی ایک فقہ کو شرفِ قبولیت بخشا گیا ہے۔

پاکستان کے دستور میں شروع ہی سے صرف قرآن و سنّت کو قانون کا ماخذ مانا گیا۔ احوالِ شخصیّہ کے لئے ہر فقہی مسلک کو اپنے مسلک کے مطابق شخصی قانون پر عمل کی اجازت ہے لیکن ملک کے پبلک لاء کو کسی ایک فقہ کا پابند نہیں کیا گیا۔ شریعت بِل میں، جیسا کہ وہ سینٹ میں پیش ہُوا تھا، گو کسی فقہ کا ذکر نہ تھا مگر شریعت کی تعبیر و تشریح کے باب میں ایسی اصطلاحات استعمال ہُوئی تھیں جن پر ایک خاص فقہ کے عُلماء نے اعتراض کیا۔ یہ ایک تابناک حقیقت ہے کہ اس ملک کے عُلماء، خصوصاً حنفی عُلماء اور خُود شریعت بِل کے محرّکین نے بڑی وسیع القلبی کا ثبوت دیتے ہُوئے جس آخری شکل میں شریعت کی تعریف کو قبول کیا وہ پُوری امّت کی وحدت اور نئے دَور کے تقاضوں کو پُورا کرنے میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔

ایکٹ کی دفعہ ۲ میں کہا گیا ہے کہ:

"شریعت سے اِسلام کے احکام مراد ہیں جس طرح کہ وہ قرآنِ پاک اور سنّت میں منضبط کیے گئے ہیں"۔

تشریح: شریعت کی تفسیر اور تعبیر کرتے ہوئے قرآنِ پاک اور سنّت کی تفسیر و تعبیر کے مُسلّمہ اصُولوں کی پابندی کی جائے گی اور اس کے ان مُسلّمہ فقہاء کی تشریحات اور آراء کا لحاظ رکھا جائے گا جن کا تعلّق مروّجہ اِسلامی فقہ کے مکاتبِ فکر سے ہو"۔

اس تعریف کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ متّفق علیہ ہے۔ اِس پر ملک کے تمام مکاتبِ فکر و فقہ کا اتفاق ہے۔ تحریکِ نفاذِ فقہ جعفریہ کے نمائندوں کے اصرار پر اس میں "مروّجہ اِسلامی فقہ کے مکاتبِ فکر" کا اضافہ کیا گیا ہے اور اس طرح الحمد للہ تمام سنّی مکاتبِ فکر اور اہلِ تشیع دونوں نے اِس تعریف پر اطمینان کا اظہار کیا۔ یہ ملّی وحدت کی طرف ایک اہم قدم ہے۔ اِن اتفاقِ رائے کو پیدا کرنے میں آٹھ دینی جماعتوں کے فورم نے بھی بڑا اہم کردار ادا کیا۔

اس تعریف کے نمایاں پہلو یہ ہیں:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(۱) قرآن و سنّت کو اصل مرجع تسلیم کیا گیا ہے۔

(۲) تمام فقہی مکاتبِ فکر کے مستند فقہاء کی آراء سے استفادہ کی ضرورت تسلیم کی گئی ہے۔

(۳) تعبیر و تفسیر میں تعبیر و تشریح کے مُسلّمہ اصُول و ضوابط کی پابندی کی شرط مانی گئی ہے جس سے آزاد روی کے اُس دروازے کو بند کر دیا گیا ہے۔ جس کے ذریعہ تجدّد کے علمبردار مغرب پرست طبقے اِسلام کا حلیہ بگاڑنے کا کام کرتے رہے ہیں۔ اور قادیانیت، نیچریت، پرویزیت جیسے نت نئے فتنے اُبھرتے رہے ہیں۔

(۴) شریعت کے اصولوں کے مطابق نئے حالات کا مقابلہ کرنے اور نئے مسائل حل کرنے کے لئے اِجتہاد اور اِجماع کا دروازہ کھلا رکھا گیا ہے۔

یہ وہ متوازن فارمولا ہے جس پر عمل کر کے آج کے حالات میں مُسلمان ایک طرف قرآن و سنّت سے وفاداری کے تقاضے پورے کر سکتے ہیں، تو دُوسری طرف نئے حالات کا مقابلہ کر کے ایک نئی دنیا تعمیر کر سکتے ہیں۔

## (د) پُورے معاشرے کی اصلاح اور تشکیلِ نَو

شریعت ایکٹ کی ایک خصوصیّت یہ بھی ہے کہ اس کا دائرہ اِسلامی قانون کی عدلیہ کے ذریعہ تنفیذ تک محدُود نہیں، بلکہ پُورے معاشرہ کی اِسلامی تشکیلِ نَو کو اس میں شامل کر دیا گیا ہے۔ جس تصوّر کو اس میں اجاگر کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ حصُولِ انصاف ہی شریعت کا مقصد ہے اور منصفانہ معاشرہ کا قیام در اصل وہ میزان ہے جس پر ایک معاشرہ کے اِسلامی یا غیر اِسلامی ہونے کا تعیّن کیا جا سکتا ہے۔ اِسلام فرد کی آزادی اور حقوق کے تحفّظ کے ساتھ ساتھ ایک منصفانہ اور عادلانہ معاشرہ قائم کرنا چاہتا ہے جِس کے لئے تعلیم، ابلاغِ عامّہ، معیشت، انتظامیہ، پولیس اور عدلیہ سب کی اصلاح ضروری ہے۔ اس طرح نفاذِ شریعت ایکٹ ایک روایتی قانون سے زیادہ وسیع ہے۔ اِسی لیے اِس پر ایک مینی فیسٹو ہونے کا گمان ہوتا ہے۔ اِس طرح یہ نفاذِ شریعت کا جامع نقشہ پیش کرتا ہے اور حکومت کے تمام ہی اہم شعبوں کی اِسلامی بنیادوں پر تنظیمِ نَو کا ہدف قوم کے سامنے رکھتا ہے۔ اِس کی حیثیت اُن قوانین کی سی نہیں جو کسی ایک جُرم اور اُس کی سزا سے متعلّق ہوں، بلکہ ان قوانین کی سی ہے جو معاشرتی پالیسی کی بنیادیں رکھتے ہیں اور اِس طرح قانون کی زبان میں اصلاحِ احوال کا ایک وسیع نقشہ پیش کرتے ہیں۔ اِس کی مثال برطانوی پارلیمنٹ کے اُن قوانین جیسی ہے جو تعلیم کی اصلاح اور تشکیلِ جدید کے لئے ۱۹۴۶ء اور پھر ۱۹۸۸ء میں منظور کیے گئے تھے۔ آخر الذکر قانون تقریباً ۲۵۰ صفحات پر پھیلا ہُوا ہے اور نظامِ تعلیم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اور تعلیمی پالیسی کا مکمل نقشہ پیش کرتا ہے شریعت ایکٹ بھی اِسی نوعیت کے اِصلاحی قوانین کی قبیل سے ہے اور زندگی کے مختلف شعبوں کی اصلاح کا پروگرام پیش کرتا ہے جس پر عمل کرنے کے لئے متعدد نئے قوانین منظور کرنے ہوں گے اور بے شمار ——— انتظامی اصلاحات ——— درکار ہوں گی۔

(۵)

## نفاذِ شریعت ایکٹ ۹۱ء اور سینٹ کے پاس کردہ بِل ۹۰ء[۱] کا موازنہ

## نکاتِ اتفاق ——— ایکٹ کی خوبیاں

ضروری ہے کہ شریعت ایکٹ کا موازنہ اُس شریعت بِل سے کیا جائے جو سینٹ نے ۱۹۹۰ء میں منظور کیا تھا۔ اِس موازنہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آٹھ (۸) امُور ایسے ہیں جن میں اصل اور جوہر کے اعتبار سے ان دونوں میں یکسانی اور مطابقت پائی جاتی ہے۔ جب کہ پانچ (۵) پہلو ایسے ہیں جِن کے اعتبار سے ان میں نمایاں فرق اور اختلاف ہے۔ اس تجزیہ میں ان دونوں پہلوؤں کو بھی سامنے رکھنا ضروری ہے۔

نفاذِ شریعت ایکٹ نہ اس آرڈی نینس کا چربہ ہے جو مئی ۱۹۸۸ء میں نافذ کیا گیا تھا' اور نہ اس شریعت بِل کا مثنیٰ ہے جو سینٹ نے منظور کیا تھا ـــ یہ کئی پہلوؤں سے اپنی جگہ ایک نیا قانون ہے۔ اِس کی خوبیاں اور کمزوریاں دونوں خود اپنی ہیں۔ البتہ چونکہ ان تینوں کا مقصد اور ہدف ایک ہی تھا' اِس لئے اس ایکٹ کے روشن اور تاریک پہلوؤں کو سمجھنے میں اس موازنہ سے مدد ملے گی' ہم اس موازنہ میں الفاظ اور تفصیل کے مقابلہ میں مسائل کی حقیقت اور جوہر کو ملحوظ رکھیں گے۔

یہاں یہ کہنا ضروری ہے کہ جب سینٹ نے شریعت بِل متفقہ طور پر منظور کیا تھا اُس وقت اکثریتی پیپلز پارٹی کی حکومت تھی۔ اِسلامی جمہُوری اتحاد نے زور شور سے مطالبہ کیا تھا کہ اِس بِل کو من و عن قومی اسمبلی بھی پاس کر دے۔ خود وزیرِ اعظم اس مطالبے میں پیش پیش تھے۔ یہ امر آج تک ایک سوالیہ نشان بنا ہُوا ہے کہ جِس بِل کو سینٹ نے متفقہ طور پر پاس کیا' جہاں اِسلامی جمہُوری اتحاد کی اکثریت تھی۔ جِس بِل کے لئے اِسلامی جمہوری اتحاد نے پیپلز پارٹی سے زور شور سے مطالبہ کیا کہ وہ اِس بل کو نافذ کر دے' جِس بِل کو نافذ کرنے کے لئے انتخابات میں عوام

© rasailojaraid.com



۱ـ ملاحظہ فرمائیں: ضمیمہ نمبر ۳

© rasailojaraid.com


سے مینڈیٹ لیا گیا' اُسی بل کو اتحاد نے اقتدار سنبھالتے ہی کیوں پس پُشت ڈال دیا ؟

ہماری نگاہ میں جن چیزوں میں بڑی حد تک شریعت ایکٹ اور سینٹ کے شریعت بل میں یکسانی اور مطابقت پائی جاتی ہے وہ یہ ہیں :

۱- شریعت کی تعریف اور تشریح

جزوی فرق کے ساتھ ایکٹ میں وہی تعریف دی گئی ہے جو سینٹ والے شریعت بل میں پیش کی گئی تھی ' اِس فرق کے ساتھ کہ سینٹ والے بل میں یہ بات اِجمالی طور پر آئی تھی کہ تمام فُقہاء کی آراء سے اِستفادہ کیا جائے گا۔ جب کہ نفاذِ شریعت ایکٹ میں اِس بات کو بالکل کھول کر بیان کر دیا گیا ہے کہ تمام مروّجہ مکاتبِ فکر کے مُسلّمہ فُقہاء کی آراء سے اِستفادہ کیا جائے گا ۔ اس طرح یہ تعریف تحریکِ نفاذِ فقہ جعفریہ کے رہنماؤں کے لئے بھی قابلِ قبول بن گئی۔

۲ - قوانین میں تطبیق کے اصُول

سینٹ والے شریعت بِل میں قوانین میں تطبیق کے جو اصُول پیش کئے گئے تھے ۔ نفاذِ شریعت ایکٹ میں اُن کو بھی بالکل اُسی طرح قبول کر لیا گیا ہے

۳ - قرآن و سنّت کی بالادستی

سینٹ کے منظور کردہ بِل میں کہا گیا تھا کہ شریعت پاکستان کا بالا تَر قانون ہو گی اور ہر قانون' رسم و رواج اور ضابطہ کے علی الرّغم نافذ ہو گی ۔ شریعت ایکٹ میں اِس اصُول کو تسلیم تو کر لیا گیا ہے اور شریعت کو بالا تر قانون بھی قرار دیا گیا ہے۔ البتہ سینٹ بِل میں جو بات شریعت بِل کی تعریف میں علیحدہ دفعہ میں واضح طور پر کہی گئی تھی' اُسے شریعت ایکٹ میں مختصراً" شامل کر لیا گیا ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ "شریعت" یعنی احکامِ اِسلام 'جس طرح کہ قرآنِ پاک اور سنّت نبوی' میں مُنضبط کئے گئے ہیں ' پاکستان کا اعلیٰ ترین قانون ہوں گے ۔"قانون اور رسم و رواج کے علی الرّغم" والا حصّہ حذف کر دیا گیا ہے ۔ اگرچہ بالاتر قانون کی اصطلاح اِس مقصد کو حاصل تو کر لیتی ہے کہ شریعت دُوسرے قوانین اور رسم و رواج پر بالا دستی رکھے گی 'مگر جِس ماحول میں اور جِس قسم کے افراد کے ذریعہ نفاذِ شریعت کا کام ہونا ہے ' اُس کے پیشِ نظر یہ حذف بنفسہٖ بھی خوش آئند نہیں 'کیوں کہ اس کا غلط استعمال بھی کیا جا سکتا ہے۔

۴ - شریعت ' اس کے ماخذ اور شرعی عُلوم کی تعلیم

سینٹ والے بِل میں انہیں خصوصی اہمیت دی گئی تھی ۔ اگرچہ شریعت ' عُلومِ اِسلامی اور عربی زبان کی تعلیم کی اہمیت کو نفاذِ شریعت میں بھی تسلیم کیا گیا ہے 'مگر یہاں بھی غیر ضروری لفظی تغیرات کے کئے گئے ہیں (مثلاً دفعہ ۱۰ الف، ب، ج)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


اِس اصُول کو تسلیم تو کیا گیا کہ ملک کے عدالتی نظام میں اُن افراد سے استفادہ کا دروازہ کھولا جائے گا' جو دینی علم میں مہارت رکھتے ہیں اور جن کو افتاء کا مناسب تجربہ ہے' مگر سینٹ والے بِل میں اِس پہلو کو بڑی تفصیل سے پیش کیا گیا تھا۔ شریعت ایکٹ میں تمام تفاصیل کو نکال دیا گیا ہے اور ان کو قواعد و ضوابط مرتب کرتے وقت تک کے لئے چھوڑ دیا گیا ہے۔ صرف اتنا کہا گیا ہے کہ مملکت اِس امر کا مناسب انتظام کرے گی کہ عدالتی نظام میں شریعت' اِسلامی اصُولِ قانون اور افتاء میں باقاعدہ سند یافتہ اشخاص کی خدمات سے استفادہ ہو سکے (مثلاً دفعہ - ۶ "د")۔ تفاصیل کا حذف اور ان کو قواعد و ضوابط کے لئے چھوڑ دینا جو پارلیمنٹ پاس نہ کرے گی' گویا چور دروازے کھولنے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔

### ۶ - نظامِ تعلیم کی اِصلاح کی ضرورت اور اس کے لئے کمیشن کا قیام

یہ دفعہ تقریباً انہی الفاظ میں ہے جو سینٹ والے بِل میں تھی۔

### ۷ - نظامِ معیشت کی اِسلامی تشکیلِ نو

یہ دفعہ بھی تقریباً انہی الفاظ میں ہے جو سینٹ والے بِل میں تھی۔ ربا کے خاتمہ کی ضرورت کو زیادہ مؤثر اور واضح الفاظ میں بیان کیا گیا ہے اور کمیشن کو یہ اختیار بھی دیا گیا ہے کہ اپنی سفارشات اور دُوسری اِسلامی اصلاحات پر عمل در آمد کا مسلسل جائزہ لے اور پارلیمنٹ کو اپنی رپورٹ پیش کرتا رہے۔ البتہ اِس کام کے لئے کسی مدّت کا تعیّن نہیں کیا گیا۔

### ۸- ذرائع ابلاغ کی اِصلاح

اِس موضوع پر بھی جوہری اعتبار سے سینٹ کے بِل میں اور اس ایکٹ میں کوئی فرق نہیں البتہ تعلیمی کمیشن کے دائرہ کار میں پہلے اِبلاغِ عامہ کی نگرانی بھی بصراحت موجود تھی جو شریعت ایکٹ میں نہیں ہے۔

یہ وہ آٹھ پہلو ہیں جن میں دونوں مسوّدوں میں بڑی حد تک یکسانی اور مطابقت پائی جاتی ہے' اگرچہ الفاظ اور اِجمال و تفصیل کا اختلاف بھی بعض صُورتوں میں کم اہم نہیں ہوتا۔

(۶)

## نفاذِ شریعت ایکٹ ۹۱ء اور سینٹ کے پاس کردہ بِل ۹۰ء کا موازنہ

## نکاتِ اختلاف ——— ایکٹ کی خامیاں

شریعت ایکٹ جن پہلوؤں سے سینٹ کے بِل سے مختلف ہے ان میں سے کچھ کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


تعلق تو اندازِ بیان سے اور کچھ دُوسروں کا تفصیل کی جگہ اِجمال سے ہے۔ گو ہم اِجمال پر تفصیل کو ترجیح دیتے ہیں لیکن جن اُمور کو اِجمالی اور اصولی طور تسلیم کر لیا گیا ہے۔ ہم ان کو باعثِ نزاع نہیں بنانا چاہتے۔ البتّہ اپنے اس احساس کو ضرور ریکارڈ پر لے آنا چاہتے ہیں کہ بعض تفصیلات کے شامِل ایکٹ ہو جانے سے اس ایکٹ کے نفاذ میں مدد ملتی۔ مزید براں یہ امر بھی تشویش اور اضطراب کا باعث ہے کہ ایک بات کو اصولی طور پر تسلیم کرنے کے بعد بھی اس کے متعدد مُقتضیات کو یا تو کُھلے دِل سے تسلیم نہیں کیا جاتا یا پھر انہیں قواعد و ضوابط کے لئے چھوڑ دیا جاتا ہے جن کے بنانے میں حکومت کی انتظامیہ کو پُورے اختیارات حاصل ہیں اور جِن کو پارلیمنٹ میں زیرِ غور نہیں لایا جاتا۔ پھر بھی ہم اِن جزوی اور رسمی اختلافات سے صرفِ نظر کرتے ہُوئے اُن بنیادی اُمور کی نشاندہی کرنا چاہتے ہیں جِن میں نفاذِ شریعت ایکٹ سینٹ کے منظور کردہ بِل سے مختلف ہے اور ہماری نگاہ میں ان تمام پہلوؤں سے کمزور اور ناقص بھی ہے اور اصلاح طلب بھی۔

## ۱۔ واضح عدالتی طریقِ کار کا عدمِ تعیّن

۱۔ شریعت ایکٹ کا ایک بنیادی ہدف یہ ہے کہ وہ نفاذِ شریعت کے لئے عدالتوں کو متحرک کردے۔ اس سلسلہ میں سینٹ کے بِل میں ایک واضح عدالتی طریقِ کار تجویز کیا گیا تھا جس میں اس بات کی رعایت رکھی گئی تھی کہ ماتحت عدالتوں پر مناسب تیاری سے پہلے' ایسی ذمّہ داری نہ ڈالی جائے جس کے ادا کرنے میں اُن کو دشواری پیش آئے۔ اِسی طرح اعلیٰ عدالتوں کے بارے میں بھی دستور میں جو تحدیدات ہیں اُن کو ملحوظ رکھ کر وفاقی شرعی عدالت اور عدالتِ عالیہ کے دائرہ ہائے اختیار (Jurisdiction) کا تعیّن کر دیا گیا تھا (دفعہ - ۴)۔ یہ تمام چیزیں شریعت ایکٹ سے خارج کر دی گئی ہیں۔ ماہرینِ قانون ہم سے اتفاق کریں گے کہ شریعت کی بالا دستی کی (دفعہ -۳) کی شق ۲ کے صاف معنی یہ ہیں کہ' ان اُمور کو چھوڑ کر جن کا ذکر استثناء میں ہے' باقی معاملات میں عدالتیں شریعت کی بالا دستی کو قائم کرنے کا اختیار رکھتی ہیں۔ اور چونکہ دستُور کی رو سے اعلیٰ عدالتوں کا اختیار دستُور کے ساتھ ساتھ قانون کے ذریعہ بھی متعیّن کیا جا سکتا ہے اس لئے عدالتوں کے اِس نئے اختیار میں کوئی شبہ نہیں البتّہ اس دفعہ میں عدالتوں کے لئے طریقِ کار کے مسئلہ کو بالکل کھلا چھوڑ دیا گیا ہے جو ہماری نگاہ میں اِس بِل کی ایک بہت بڑی خامی ہے اِتنے اہم قانون میں ایسا خلاء چھوڑنا ایک سانحہ ہے۔ ہم نے پہلے بھی اِس طرف اشارہ کیا ہے اور اب پھر اِس کا اعادہ کرتے ہیں کہ عدالتوں کے لئے طریقِ کار کو انہی خطوط پر مرتّب ہونا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


چاہیے جو سینٹ کے بل میں تجویز کیا گیا تھا۔ اس سے نفاذِ شریعت کا عمل آسان اور مؤثر ہو سکے گا اور عوامی دور میں نچلی سطح کی عدالتوں میں جس اختلاف یا انتشار کا خطرہ محسوس کیا جا رہا ہے، اس سے بچا جا سکے گا۔

## ۲۔ عُمّالِ حکومت اور انتظامیہ کی عدالتی جواب دہی کا غیر مؤثر طریقِ کار

دُوسری بنیادی خامی اس ایکٹ کی یہ ہے کہ اِس میں انتظامیہ کی عدالتی جواب دہی کے لئے کوئی مؤثر طریقِ کار فراہم نہیں کیا گیا ہے۔ محض یہ کہہ دینا کہ تمام مُسلمان شہریوں کے لئے شریعت کی پابندی لازمی ہو گی اور انتظامیہ کے لئے ضابطۂ اخلاق بنایا جائے گا' قطعاً غیر تسلّی بخش ہے۔ اِسلام کے نظامِ انصاف کا ایک بنیادی اصُول یہ ہے کہ تمام شہری قانون کے سامنے برابر ہیں اور جو جتنا زیادہ ذمّہ داری کے مقام پر ہے اُس کی جواب دہی بھی اتنی ہی زیادہ ہے۔ اس پر عمل کے لئے ضروری ہے کہ تمام عُمّالِ حکومت خواہ اُن کا تعلّق کسی بھی شعبہ سے ہو' سول یا فوجی' انتظامیہ' مقننہ یا عدلیہ' وفاق' صوبہ یا لوکل گورنمنٹ ------ ان کے تمام اقدامات بھی اسی طرح عدالتی محاسبہ کے لئے کھلے ہوں ------ عام انسانوں کے جان' مال اور آبرو کے تحفظ' معاشرہ کو ظُلم و نا انصافی سے پاک کرنے اور خود بدعنوانیوں اور بے ضابطگیوں کو ختم کرنے کے لئے یہ انتظام بہت ضروری ہے۔ سینٹ کے بِل میں اِس کے لئے دو مکمّل دفعات تھیں یعنی دفعہ ۵ اور ۶ موجودہ شکل میں انتظامیہ پر احتساب کا نظام بہت کمزور اور حاکم اور محکوم کی اِس تفریق کو تحفظ دینے والا ہے جو اِسلام کے بنیادی اصُولوں کے خلاف ہے۔ اِس لئے شریعت ایکٹ کی دفعہ ۵ پر بھی مکمّل نظرِ ثانی کی ضرورت ہے۔

## ۳۔ سُود کے خاتمہ کا خلافِ اِسلام انتظام

تیسرے بنیادی مسئلہ کا تعلّق سود اور اس کے خاتمہ سے ہے' نفاذِ شریعت ایکٹ میں تین مقامات پر اِس مسئلہ سے تعرّض کیا گیا ہے بحیثیت مجموعی دفعہ ۸ میں کوئی بڑی خامی نہیں جس میں معیشت کو سُود اور دوسرے منکرات سے پاک کرنے اور اسلامی اصُول و اقدار کی روشنی میں اِس کی تشکیلِ نَو کا ہدف مقرّر کیا گیا ہے۔ اور اِس کے لئے ایک مستقل کمیشن قائم کیا گیا ہے۔ کمیشن کی ذمّہ داری ہے کہ "مختصر ترین مدّت میں معاشی سرگرمیوں کے ہر ایک شعبہ سے ربا کے خاتمہ کی نگرانی کرے ' ۔اور حکومت کو ایسے اقدامات کی سفارش کرے جو معیشت سے ربا کے مکمّل خاتمہ کو یقینی بنائیں "۔ بلا شبہ یہاں اِس کام کو مکمّل کرنے کے لئے کوئی مدّت متعیّن نہیں کی گئی اور پہلے جو تجویز تھی کہ یہ کام تین سال میں مکمّل کیا جائے۔ اِسے عُلماء کے اعتراض کے


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بعد حذف کر دیا گیا۔

یہاں یہ بات پیشِ نظر رکھنے کی ہے کہ پارلیمنٹ میں' اور اِس سے پہلے شریعت بِل پر کام کرنے والی کمیٹی میں' یہ بات کُھل کر سامنے آگئی تھی کہ ملک کے حکمرانوں کا ایک طبقہ سود کو مزید تحفظ دینا چاہتا ہے اور فیڈرل شریعت کورٹ کے اِس اختیار کو واپس لینا چاہتا ہے جو مالی اور محصُولاتی قوانین کے اس عدالت کے دائرہ میں آجانے سے اُسے حاصل ہُوا ہے۔ تمام دینی جماعتوں اور اُن کے نمائندوں نے اِس نوعیّت کی تبدیلی کی ڈٹ کر مخالفت کی اور اِسے رجعتِ قہقری قرار دیا۔ ان کی مخالفت کی وجہ سے تبدیلی کی یہ کوششیں کامیاب نہیں ہُوئیں اور اب اس امر پر سب کا اتفاق ہے کہ یہ حق فیڈرل شریعت کورٹ کو حاصل ہے جو عملاً اس نوعیّت کی ۵۰ کے قریب درخواستوں کی سماعت کر رہی ہے۔ اب جو ادارہ مہلت دینے کا مجاز ہے' وہ صرف فیڈرل شریعت کورٹ ہے۔ اِسی وجہ سے کمیشن یا حکومت کے لئے کوئی زمانی قید عائد نہیں کی گئی اور مثبت طور پر ربا کے مکمّل خاتمہ کو بطورِ ہدف رکھا گیا۔

خرابی جہاں سے رُونما ہوتی ہے وہ ایکٹ کی دفعہ ۱۸ اور ۱۹ ہیں۔ دفعہ ۱۹ میں سودی قرضوں کے سلسلہ میں موجودہ ذمّہ داریوں کی تکمیل کی ضمانت دی گئی ہے۔ یہ اس مثالی صُورتِ حال سے مختلف ہے جس کی نظیر قرونِ اولیٰ میں مدینہ کی اِسلامی ریاست میں فتح مکّہ کے بعد ملتی ہے۔ لیکن خود سینیٹ کے منظور کردہ بِل میں بھی دفعہ ۱۹ کے مفہوم کی ایک دفعہ موجود ہے۔ (دفعہ ۱۷) شریعت ایکٹ کی دفعہ ۱۸ سب سے زیادہ قابلِ اعتراض ہے۔ سینٹ کے بل کی دفعہ ۱۵ میں پرانی ذمّہ داریوں کے مسئلہ سے تعرّض کیا گیا تھا مگر اِس آخری حد تک گنجائش رکھ لی گئی تھی جِس کا کوئی جواز ہو سکتا تھا' یعنی ماضی کی تمام بین الاقوامی ذمّہ داریوں کو ادا کیا جائے' ماضی میں کئے گئے معاہدات کی کوئی خلاف ورزی نہ کی جائے۔ لیکن آئندہ کے لئے دروازہ بند کر دیا جائے گا۔ موجودہ ایکٹ میں آئندہ کے لئے بھی دروازہ کھلا رکھا گیا ہے' اور کہا گیا ہے کہ جب تک متبادل انتظام نہ ہو جائے سودی معاہدات اور ادائیگیوں کے سلسلہ پر پابندی نہیں ہو گی۔ یہ شریعت کے صریح خلاف ہے۔ اِس گنجائش کو خود نفاذِ شریعت ایکٹ کے ایک حصّہ کے طور پر رکھنا ایک ایسی جسارت ہے جِس کی کوئی توجیہہ نہیں ہو سکتی۔ تمام دینی جماعتوں نے اِس پر تنقید کی ہے اور اِس عزم کا اظہار کیا ہے کہ سُود کے مکمّل خاتمہ کے لئے اپنی جدّوجہد جاری رکھیں گے' فیڈرل شریعت کورٹ کے دائرۂ اختیار کو نہ صرف یہ کہ کم نہیں ہونے دیں گے بلکہ اِس کو بڑھانے کے لئے کوشش کریں گے اور اِس خامی کو دور کرنے کے لئے خُود شریعت ایکٹ میں مناسب ترمیم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے لئے سعی کریں گے۔ ہماری نگاہ میں دفعہ ۱۸ میں ترمیم بہت ضروری ہے۔

### ۴ - کتاب و سنّت کی بالادستی کے منافی اور متصادم احکام کا تحفّظ

شریعت ایکٹ کی چوتھی خامی کا تعلق ان تحفّظات سے ہے جو اس میں مختلف امُور کے بارے میں دیئے گئے ہیں۔ یہ عجیب ذہنیت ہے کہ ایک طرف شریعت کے نفاذ اور قرآن و سنّت کی بالاتری کی بات کی جاتی ہے، اور دُوسری طرف شریعت کے دائرہ سے مختلف امور کو باہر رکھنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ یہ وُہ روش ہے جسے اللہ تعالیٰ نے بہت ناپسند کیا ہے اور مُسلمانوں کو اِس سے بچنے کی تلقین کی ہے بلکہ اِسے شیطان کے نقشِ قدم پر چلنے سے تعبیر کیا ہے۔ قرآنِ پاک میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِی السِّلْمِ كَآفَّةً وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ○

(البقرۃ: ۲۰۸)

اے ایمان لانے والو، تم پُورے کے پُورے اِسلام میں آجاؤ اور شیطان کی پیروی نہ کرو کہ وہ تُمہارا کھلا دشمن ہے۔

اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ فَمَا جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِی الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ○ (البقرۃ: ۸۵)

تو کیا تم اللہ کی کتاب کے ایک حصّے پر ایمان لاتے ہو اور دُوسرے حصّے کے ساتھ کفر کرتے ہو؟ پھر تم میں سے جو لوگ ایسا کریں، اُن کی سزا اِس کے سوا اور کیا ہے کہ دنیا کی زندگی میں ذلیل و خوار ہو کر رہیں اور آخرت میں شدید ترین عذاب کی طرف پھیر دیے جائیں؟ اللہ اِن حرکات سے بے خبر نہیں ہے جو تم کر رہے ہو۔

شریعت ایکٹ کی دفعہ ۳ میں یہ دو تحفّظات ڈالے گئے ہیں۔ ایک ملک کے دستُوری نظام اور سیاسی ڈھانچہ کے بارے میں، اور دُوسرا غیر مُسلموں کے آئین میں دیئے گئے حقُوق کے سلسلہ میں۔ ویسے تو دستُور عام قانون سے بالاتر ہوتا ہے اور کسی عام قانون کے ذریعہ دستُور میں بیان کردہ کسی چیز کو نہ تو کالعدم کیا جا سکتا ہے اور نہ محدُود۔ اِس لئے یہ تحفّظ تو بہرحال موجود تھا۔ مگر اس ایکٹ میں اِس کے اِظہار سے قلب و نظر کی بیماری کا پتہ چلتا ہے جو ہمارے اضطراب کا سبب ہے۔ اور عملی طور پر گناہ بے لذّت کے مترادف ہے۔

اِس طرح دفعہ ۲۱ کے ذریعہ غیر ضروری طور پر پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلیوں کے حقِ قانون سازی کے بارے میں ایک بحث کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ اگر دستُور کے تحت کوئی حق کسی بھی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ادارہ کو حاصل ہے تو وہ عام قاعدہ کے مطابق شریعت ایکٹ سے متاثر نہیں ہو گا۔ لیکن یہ تمام تصریحات جس ذہن کی غمّازی کرتی ہیں وہ مریض ذہن ہے' جو یکسوئی کے ساتھ شریعت کی بالادستی کو تسلیم کرنے سے احتراز کر رہا ہے' اور طرح طرح سے چُون و چرا کا اِظہار کرنا چاہتا ہے۔ اِن اِضافوں نے شریعت ایکٹ کے حُسن کو پامال کیا ہے اور ملک کی سیاسی قیادت کے بارے میں لوگوں کے ذہنوں میں بجا طور پر شکوک و شبہات پیدا کئے ہیں۔

### ۵۔ غیر مُسلموں کے حقُوق میں غیر ضروری اضافہ

اِس سلسلہ کی آخری چیز وہ اضافہ ہے جسے غیر مُسلموں کے حقُوق کے نام پر کیا گیا ہے۔ جہاں تک غیر مُسلموں کے دستُوری حقوق کا تعلّق ہے اِن کی ضمانت اِسلام نے دی ہے اور پاکستانی قوم نے اِن کا مکمّل احترام کیا ہے۔ مخصی قانون کی حد تک بھی پہلے سے یہ چیز شریعت بِل کے ہر مسودہ میں موجود تھی' لیکن غیر مُسلموں کی "روایات' رسوم و رواج اور زندگی کے طریقِ کار" کو اِستثنائی دفعہ (دفعہ ۱ (۴)) میں شامل کرنا قطعاً" غیر ضروری تھا۔ اِس سے ایسی صُورتیں پیدا ہو سکتی ہیں جب ملک کے پبلک لاء اور کسی کے "رسُوم و رواج" اور "طرزِ زندگی" کے نام پر تصادم کی کوئی صُورت پیدا ہو جائے۔

یہ تمام وہ پہلو ہیں جن کی وجہ سے حقیقی نفاذِ شریعت کے باب میں شریعت ایکٹ کی کارکردگی متاثّر ہو گی اور عوام اور اہلِ علم دونوں کی نگاہ میں شریعت ایکٹ کی افادیت مجرُوح ہُوئی ہے۔ ہم نے اگر شریعت ایکٹ کو اس کی موجودہ شکل میں قبول کیا ہے تو وہ اِس اِسلامی اصُول کی روشنی میں کیا ہے کہ اِس سے حاصل ہونے والے فوائد اِس میں پائی جانے والی خامیوں سے زیادہ ہیں۔ لیکن شرعی اور عملی دونوں پہلوؤں سے اِن خامیوں اور کمزوریوں کی نشاندہی ہمارا دینی فرض تھا۔ اِن تمام اُمور پر پارلیمنٹ میں اور پارلیمنٹ کے باہر' بند کمروں کے مذاکرات میں اور کھلی سیاسی بحث میں ہم نے اپنا فرض ادا کیا ہے اور ہم اپنے اس عزم کا اِظہار بھی ضروری سمجھتے ہیں کہ انشاء اللہ شریعت ایکٹ کی اِن خامیوں کو دور کرانے کی جدّوجہد جاری رکھیں گے۔ نیز اِس امر کی بھی بھرپور کوشش کریں گے کہ دستُوری ترمیم کے ذریعہ شریعت کو ملک کا بالاتر قانون تسلیم کیے جانے کے وعدے کو جلد از جلد پُورا کیا جائے۔ اور اِس کی مناسب صُورت وہی ہے جو جماعتِ اِسلامی کی مجلسِ شُوریٰ نے اپنے حالیہ اجلاس منعقدہ ۱۰' ۱۱' ۱۲۔ اگست ۱۹۹۱ء میں تجویز کی ہے۔ [1]

[1] ملاحظہ فرمائیں: ضمیمہ نمبر ۵

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## ضمیمہ نمبر ۱

## دستوُر ساز اسمبلی سے سیّد مودودیؒ کا چار نکاتی

## مطالبۂ نظامِ اسلامی - ۱۹۴۸ء

**چونکہ** ——— پاکستان کے باشندوں کی عظیم اکثریت اِسلام کے اصُولوں پر ایمان رکھتی ہے۔ اور

**چُونکہ** ——— پاکستان کی آزادی کے لئے مُسلمانوں کی ساری جدّوجہد اور قربانیاں صرف اِس خاطر تھیں کہ وہ اُن اصُولوں کے مطابق زندگی بسر کر سکیں جن پر وہ ایمان رکھتے ہیں۔

**لٰہذا**

**اب** قیامِ پاکستان کے بعد ہر پاکستانی مُسلمان دستوُر ساز اسمبلی سے یہ مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اِس بات کا اعلان کرے کہ :

۱۔ پاکستان کی بادشاہی صرف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے اور حکومتِ پاکستان کی کوئی حیثیّت اِس کے سِوا نہیں ہے کہ وہ اپنے بادشاہ کی مرضی اُس کے ملک میں پُوری کرے۔

۲۔ پاکستان کا بنیادی قانون اِسلامی شریعت ہے۔

۳۔ تمام وہ قوانین جو اِسلامی شریعت کے خلاف اب تک جاری رہے ہیں منسوخ کئے جائیں گے اور آئندہ کوئی ایسا قانون نافذ نہ کیا جائے گا جو شریعت کے خلاف پڑتا ہو۔

۴۔ حکومتِ پاکستان اپنے اختیارات ان حدُود کے اندر استعمال کرے گی جو شریعت نے مقرّر کر دیے ہیں۔

## ضمیمہ نمبر ۲

## قرار دادِ مقاصد

## جسے دستوُر ساز اسمبلی نے ۱۲ مارچ ۴۹ء کو پاس کیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

چونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ ہی کل کائنات کا بلا شرکتِ غیرے حاکمِ مطلق ہے اور پاکستان کے جمہور کو جو اختیار و اقتدار اُس کی مقرّر کردہ حدُود کے اندر استعمال کرنے کا حق ہو گا وہ ایک مقدّس امانت ہے ؛

مجلسِ دستوُر ساز نے جو جمہور پاکستان کی نمائندہ ہے آزاد و خود مختار مملکتِ پاکستان کے لئے ایک دستوُر مرتّب کرنے کا فیصلہ کیا ہے ؛

جِس کی رُو سے مملکت اپنے اختیارات و اقتدار کو جمہور کے منتخب کردہ نمائندوں کے ذریعے استعمال کرے گی ؛ جِس کی رُو سے جمہوریت، حرّیت، مساوات، رواداری اور عدلِ عمرانی کے اصُولوں کو جس طرح اِسلام نے ان کی تشریح کی ہے پُورے طور پر ملحوظ رکھا جائے گا ؛

جِس کی رُو سے مُسلمانوں کو اِس قابل بنایا جائے گا کہ وہ انفرادی اور اجتماعی طور پر اپنی زندگی کو اِسلامی تعلیمات و مُقتضیات کے مطابق جِس طرح کہ قرآنِ پاک و سنّت میں اُن کا تعیّن کیا گیا ہے، ترتیب دے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سکیں؛

جس کی رُو سے اس امر کا قرار واقعی انتظام کیا جائے گا کہ اقلیتیں آزادی کے ساتھ اپنے مذہبوں پر عقیدہ رکھ سکیں اور اُن پر عمل کر سکیں اور اپنی ثقافتوں کو ترقی دے سکیں؛

جس کی رُو سے وہ علاقے جو اب تک پاکستان میں داخل یا شامل ہو گئے ہیں اور ایسے دیگر علاقے جو آئندہ پاکستان میں داخل یا شامل ہو جائیں ایک وفاقیہ بنائیں گے جس کے صوبوں کو مقررہ اختیارات و اقتدار کی حد تک خود مختاری حاصل ہو گی

جس کی رُو سے بنیادی حقوق کی ضمانت دی جائے گی اور ان حقوق میں جہاں تک کہ قانون و اخلاق اجازت دیں، مساوات، حیثیت و مواقع، قانون کی نظر میں برابری، عمرانی، اقتصادی اور سیاسی انصاف اظہار خیال، عقیدہ دین، عبادت اور شرکت کی آزادی شامل ہو گی؛

جس کی رُو سے اقلیتوں اور پسماندہ و پست طبقوں کے جائز حقوق کے تحفظ کا قرار واقعی انتظام کیا جائے گا؛ جس کی رو سے نظامِ عدل گستری کی آزادی پوری طرح محفوظ ہو گی؛

جس کی رُو سے وفاقیہ کے علاقوں کی صیانت، اُس کی آزادی اور اُس کے جُملہ حقوق کا جن میں اِس کے خشکی و تری اور فضا پر صیانت کے حقوق شامل ہیں تحفظ کیا جائے گا؛

تاکہ اہلِ پاکستان فلاح و بہبود حاصل کریں اور اقوامِ عالم کی صف میں اپنا جائز و ممتاز مقام حاصل کر سکیں اور امنِ عالم برقرار رکھنے اور بنی نوع انسان کی ترقی و خوش حالی کے لئے پُوری کوششیں کر سکیں۔

## ضمیمہ نمبر ۳

### سینٹ کا منظور کردہ شریعت بل ۱۹۹۰ء

ہر گاہ کہ قرار دادِ مقاصد کو، جو پاکستان میں شریعت کو بالا دستی عطا کرتی ہے، دستورِ اسلامی جمہوریۂ پاکستان ۱۹۷۳ء کے مستقل حصّے کی حیثیت سے شامل کر لیا گیا ہے۔ اور ہر گاہ کہ مذکورہ قرار دادِ مقاصد کے اغراض کو بروئے کار لانے کے لئے ضروری ہے کہ شریعت کے فی الفور نفاذ کو یقینی بنایا جائے۔ لہٰذا حسب ذیل قانون بنایا جاتا ہے:

**۱۔ مختصر عنوان**، وُسعت اور آغازِ نفاذ

(۱) یہ ایکٹ نفاذِ شریعت ایکٹ ۱۹۹۰ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ پُورے پاکستان پر وُسعت پذیر ہو گا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

(۴) اس میں شامل کسی امر کا اطلاق غیر مُسلموں کے مخصی قوانین پر نہیں ہو گا۔

**۲۔ تعریفات**، اِس ایکٹ میں، تاوقتیکہ متن سے اس سے مختلف مطلوب ہو، مندرجہ ذیل عبارات سے وہ مفہوم مراد ہے جو یہاں ترتیب وار دیا گیا ہے۔

(الف) "حکومت" سے مراد

(اوّل) کسی ایسے معاملے سے متعلق جسے دستور میں وفاقی قانون سازی کی فہرست یا مشترکہ قانون سازی کی فہرست میں شمار کیا گیا ہو یا کسی ایسے معاملے سے جس کا تعلق "وفاق" سے ہو "وفاقی حکومت"

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہے اور

(دوم) کسی ایسے معاملے سے متعلق جسے مذکورہ فہرستوں میں سے کسی ایک میں شمار نہ کیا گیا ہو یا کسی ایسے معاملے کے بارے میں جس کا تعلق صوبے سے ہو "صوبائی حکومت" ہے۔

(ب) "شریعت" سے مراد وہ احکامِ اسلام ہیں جو قرآن و سنّت سے ثابت ہیں۔

تشریح: شریعت کی تفسیر و تعبیر قرآنِ پاک اور سنّت کی تفسیر و تعبیر کے مُسلّمہ قواعد کے مطابق ہو گی۔ شریعت کے چار ماخذ ہیں۔ قرآن، سنّت، اِجماع اور قیاس۔

(ج) "عدالت" عدالت سے کسی عدالتِ عالیہ کے ماتحت کوئی عدالت مراد ہے۔ اس میں وہ ٹربیونل یا مقتدرہ شامل ہے جسے فی الوقت نافذ العمل کسی قانون کی رُو سے یا اس کے تحت قائم کیا گیا ہو۔

(د) "قرار دادِ مقاصد" سے مراد وہ قرار دادِ مقاصد ہے جس کا حوالہ دستور کے آرٹیکل ۲ (الف) میں دیا گیا ہے اور جس کو دستور کے ضمیمے میں درج کیا گیا ہے۔

(ز) "مقررّہ" سے مراد اس ایکٹ کے تحت مقررّہ قواعد ہیں۔

(و) "مستند دینی مدرسہ" سے مراد وہ دینی مدرسہ ہے جسے یونیورسٹی گرانٹس کمیشن یا حکومت قواعد کے مطابق تسلیم کرتی ہو۔

(ہ) "مفتی" سے مراد شریعت سے کما حقہ واقف وہ مُسلمان عالم ہے جو کسی باقاعدہ مستند دینی مدرسہ کا سند یافتہ اور تخصیص فی الفقہ کی سند حاصل کر چکا ہو اور پانچ سال کسی مستند دینی مدرسہ میں عُلومِ اِسلامی کی تدریس یا افتاء کا تجربہ رکھتا ہو، یا جو دس سال تک کسی مستند دینی مدرسے میں عُلومِ اِسلامی کی تدریس یا افتاء کا تجربہ رکھتا ہو، اور جسے اِس قانون کے تحت شریعت کی تشریح اور تعبیر کرنے کے لئے عدالتِ عظمیٰ، کسی عدالت عالیہ، یا وفاقی شرعی عدالت کی اعانت کے لئے مقرّر کیا گیا ہو۔

۳۔ **شریعت کی بالادستی**، شریعت پاکستان کا اعلیٰ ترین قانون ہو گی اور اسے مذکورہ ذیل طریقے سے نافذ کیا جائے گا اور کسی دیگر قانون، رواج یا دستور العمل میں شامل کسی امر کے علی الرغم مؤثر ہو گی۔

## ۴۔ عدالتیں شریعت کے مطابق مقدمات کا فیصلہ کریں گی۔

(ا) اگر کسی عدالت کے سامنے یہ سوال اٹھایا جائے کہ کوئی قانون یا قانون کا کوئی حکم شریعت کے منافی ہے تو عدالت، اگر اُسے اطمینان ہو کہ سوال غور طلب ہے، ایسے معاملات کی نسبت جو دستور کے تحت وفاقی شرعی عدالت کے اختیارِ سماعت کے اندر آتے ہوں وفاقی شرعی عدالت سے استصواب کرے گی، اور مذکورہ عدالت مقدمہ کا ریکارڈ طلب کر سکے گی اور اس کا جائزہ لے سکے گی اور امرِ تنقیح طلب کا ساٹھ دن کے اندر اندر فیصلہ کرے گی۔

مگر شرط یہ ہے کہ، اگر سوال مُسلم شخصی قانون، کسی عدالت یا ٹربیونل کے ضابطۂ کار سے متعلق کسی قانون کسی مالی قانون یا محصولات یا فیسوں کے عائد کرنے اور وصول کرنے یا بنکاری یا بیمہ کے عمل وطریقۂ کار سے متعلق کسی قانون کے بارے میں ہو تو عدالت امرِ تنقیح طلب کو عدالتِ عالیہ کے حوالے کر دے گی جو اس کا ساٹھ دن کے اندر اندر فیصلہ کرے گی۔

مزید شرط یہ ہے کہ عدالت کسی ایسے قانون یا قانون کے حکم کی نسبت اس کے شریعت کے منافی ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں کسی سوال پر غور نہیں کرے گی جس کا وفاقی شرعی عدالت یا عدالتِ عظمیٰ کی شرعی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مرافعہ بنچ پہلے ہی جائزہ لے چکی ہو اور اس کے شریعت کی منافی نہ ہونے کا فیصلہ کر چکی ہو۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کا دوسرا فقرہ شرطیہ وفاقی شرعی عدالت یا عدالتِ عظمٰی کی شرعی مرافعہ بنچ کی جانب سے دیئے گئے کسی فیصلے یا صادر کسی حکم پر نظرِ ثانی کرنے کے اختیار پر اثر انداز نہیں ہو گا۔

(۳) عدالتِ عالیہ خود اپنی تحریک پر یا پاکستان کے کسی شہری یا وفاقی حکومت یا کسی صوبائی حکومت کی درخواست پر یا ذیلی دفعہ (۱) کے پہلے فقرہ شرطیہ کے تحت اس سے کئے گئے کسی استصواب پر اِس سوال کا جائزہ لے سکے گی اور فیصلہ کر سکے گی کہ آیا کوئی مُسلم شخصی قانون کسی عدالت یا ٹریبونل کے ضابطۂ کار سے متعلق کوئی قانون کوئی مالی قانون یا محصولات اور فیسوں کے عائد کرنے اور وصول کرنے یا بنکاری یا بیمہ کے عمل و طریقۂ کار سے متعلق کوئی قانون یا مذکورہ قانون کا کوئی حکم شریعت کے منافی ہے یا نہیں۔

مگر شرط یہ ہے کہ سوال کا جائزہ لیتے ہُوئے عدالتِ عالیہ توضیح طلب سوال سے متعلقہ شعبہ کا تخصیصی ادراک رکھنے والے ماہرین میں سے جن کو وہ مناسب سمجھے گی اُن کو طلب کرے گی اور اُن کے نقطۂ نظر کی سماعت کرے گی۔

(۴) جب کہ عدالتِ عالیہ ذیلی دفعہ (۳) کے تحت کسی قانون یا قانون کے حکم کا جائزہ لینا شروع کرے اور اسے ایسا قانون یا قانون کا حکم شریعت کے منافی معلوم ہو' تو عدالتِ عالیہ ایسے قانون کی صُورت میں جو دستُور میں وفاقی فہرست قانون سازی یا مشترکہ فہرست قانون سازی میں شامل کسی معاملے سے متعلق ہو وفاقی حکومت کو یا کسی ایسے معاملے سے متعلق کسی قانون کی صُورت میں جو اِن فہرستوں میں سے کسی ایک میں بھی شامل نہ ہو صوبائی حکومت کو ایک نوٹس دے گی جس میں ان خاص احکام کی صراحت ہو گی جو اسے بایں طور پر منافی معلوم ہوں اور مذکورہ حکومت کو اپنا نقطۂ نظر عدالتِ عالیہ کے سامنے پیش کرنے کے لئے مناسب موقع دے گی۔

(۵) اگر عدالتِ عالیہ فیصلہ کرے کہ کوئی قانون یا قانون کا کوئی حکم شریعت کے منافی ہے تو وہ اپنے فیصلے میں حسب ذیل بیان کرے گی:

(الف) اس کی مذکورہ رائے قائم کرنے کی وجوہ

(ب) وہ حد جہاں تک ایسا قانون یا حکم بایں طور پر منافی ہے' اور

(ج) اس تاریخ کا تعیّن جس پر وہ فیصلہ نافذ العمل ہو گا۔

مگر شرط یہ ہے کہ ایسا کوئی فیصلہ اس میعاد کے گزرنے سے پہلے جس کے اندر عدالتِ عظمٰی میں اس کے خلاف اپیل داخل ہو سکتی ہو یا' جب کہ اپیل بایں طور داخل کر دی گئی ہو' اس اپیل کے فیصلے سے پہلے نافذ العمل نہیں ہو گا۔

مزید شرط یہ ہے کہ کسی مالی قانون یا محصولات اور فیسوں کے عائد کرنے اور وصول کرنے یا بنکاری یا بیمہ کے عمل و طریقۂ کار سے متعلق کسی قانون کے بارے میں عدالتِ عالیہ کا فیصلہ اس فیصلے کی تاریخ سے چھ ماہ کی مدّت ختم ہونے تک نافذ العمل نہیں ہو گا۔

مزید شرط یہ ہے کہ عدالتِ عالیہ' وفاقی حکومت یا کسی صوبائی حکومت کی درخواست پر جس میں فیصلہ کی تعمیل نہ کرنے کی معقول وجہ ظاہر کی گئی ہو' اس مدّت میں اتنے عرصے کی توسیع کر سکے گی جو تین ماہ سے زیادہ نہ ہو۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۶) عدالتِ عالیہ کو اِس دفعہ کے تحت اپنے دیئے ہوئے کسی فیصلے یا صادر کردہ کسی حکم پر نظر ثانی کرنے کا اختیار ہو گا۔

(۷) اس دفعہ کی رُو سے عدالتِ عالیہ کو عطا کردہ اختیارِ سماعت کو کم از کم تین ججوں کی کوئی بنچ استعمال کرے گی۔

(۸) اگر ذیلی دفعہ (۱) یا ذیلی دفعہ (۲) میں محولہ کوئی سوال عدالتِ عالیہ کی یک رکنی بنچ یا دو رکنی بنچ کے سامنے اُٹھے تو اسے کم از کم تین ججوں کی بنچ کے حوالے کیا جائے گا۔

(۹) اس دفعہ کے تحت کسی کارروائی میں عدالتِ عالیہ کے قطعی فیصلے سے ناراض کوئی فریق مذکورہ فیصلے سے ساٹھ دن کے اندر عدالتِ عُظمٰی میں اپیل داخل کر سکے گا۔

مگر شرط یہ ہے کہ وفاق یا کسی صوبے کی طرف سے اپیل مذکورہ فیصلے کو چھ ماہ کے اندر داخل کی جا سکے گی۔

(۱۰) اس قانون میں شامل کوئی امر یا اس کے تحت کوئی فیصلہ اس قانون کے آغازِ نفاذ سے قبل کسی عدالت یا ٹریبونل یا مقتدرہ کی طرف سے کسی قانون کے تحت دی گئی سزاؤں' دیئے گئے احکام یا سنائے ہوئے فیصلوں' منظور شدہ ڈگریوں' ذمہ کئے گئے واجبات' حاصل شدہ حقوق' کی گئی تشخیصات' وصُول شُدہ رقوم' یا اعلان کردہ قابلِ ادا رقوم پر اثر انداز نہیں ہو گا۔

تشریح ---- اس ذیلی دفعہ کی غرض کے لئے "عدالت" یا "ٹریبونل" سے مراد اس قانون کے آغازِ نفاذ سے قبل کسی وقت کسی قانون یا دستُور کی رُو سے یا اس کے تحت قائم شدہ کوئی عدالت یا ٹریبونل ہو گی اور لفظ "مقتدرہ" سے مراد فی الوقت نافذ العمل کسی قانون کے تحت قائم شدہ کوئی مقتدرہ ہو گی۔

(۱۱) کوئی عدالت یا ٹربیول بشمول عدالتِ عالیہ کسی زیرِ سماعت یا اس قانون کے آغازِ نفاذ کے بعد شروع کی گئی کسی کارروائی کو محض اس بناء پر موقوف یا ملتوی نہیں کرے گی کہ یہ سوال کہ آیا کوئی قانون یا قانون کا حکم شریعت کے منافی ہے یا نہیں عدالتِ عالیہ یا وفاقی شرعی عدالت کے سپُرد کر دیا گیا ہے یا یہ کہ عدالتِ عالیہ نے اس سوال کا جائزہ لینا شروع کر دیا ہے اور ایسی کارروائی جاری رہے گی اور اس میں امر دریافت طلب کا فیصلہ فی الوقت نافذ العمل قانون کے مطابق کیا جائے گا۔ بشرطیکہ عدالتِ عالیہ ابتدائی سماعت کے بعد یہ فیصلہ نہ دے کہ زیرِ سماعت مقدمات کو عدالت کے فیصلہ تک روک دیا جائے۔

**۵۔ شریعت کے خلاف احکامات دینے پر پابندی ----** انتظامیہ کا کوئی بھی فرد بشمول صدرِ مملکت وزیرِ اعظم اور وزیرِ اعلٰی شریعت کے خلاف کوئی حکم نہیں دے سکے گا اور اگر ایسا کوئی حکم دے دیا گیا ہو تو اسے عدالت میں چیلنج کیا جا سکے گا۔

**۶۔ عدالتی عمل اور احتساب ----** حکومت کے تمام عُمّال دستُور کے تابع رہتے ہوئے اِسلامی نظامِ انصاف کے پابند ہوں گے اور شریعت کے مطابق عدالتی احتساب سے بالاتر نہیں ہوں گے۔

**۷۔ عُلماء کو جج اور معاونینِ عدالت مقرّر کیا جا سکے گا**

(۱) ایسے تجربہ کار اور مُستند عُلماء جو اِس قانون کے تحت مُفتی مقرّر کئے جانے کے اہل ہوں' عدالتوں کے ججوں اور معاونینِ عدالت کے طور پر مقرّر کئے جانے کے بھی اہل ہوں گے

(۲) ایسے اشخاص جو پاکستان یا بیرونِ ملک اِس مقصد کے لئے متعلقہ حکومت کے تسلیم شدہ' اِسلامی عُلوم کے معروف اداروں اور مستند دینی مدارس سے شریعت کا راسخ علم رکھتے ہوں' فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون میں شامل کسی امر کے باوجود شریعت کی تشریح اور تدبیر کے لئے عدالت کے سامنے اس مقصد کے لئے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وضع کئے جانے والے قواعد کے مطابق پیش ہونے کے اہل ہوں گے۔

(۳) صدر، چیف جسٹس عدالتِ عالیہ کے مشورے سے ذیلی دفعہ (۱) کی غرض کے لئے قواعد مرتّب کرے گا جن میں ججوں اور عدالتوں میں معاونینِ عدالت کی حیثیت سے تقرّر کے لئے مطلوبہ اہلیّت اور تجربہ کی وضاحت ہو گی۔

(۴) ایسے اشخاص جو بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد یا کسی دیگر یونیورسٹی سے قانون اور شریعت میں گریجوایٹ یا پوسٹ گریجوایٹ ڈگریاں رکھتے ہوں، فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون میں شامل کسی امر کے باوجود اِس فرض کے لئے حکومت کے وضع کردہ قواعد کے مطابق ایڈووکیٹ کی حیثیت سے اندراج کے اہل ہوں گے۔

**(۵) اِس دفعہ کے احکام کسی طور پر بھی قانون پیشہ اشخاص اور مجالسِ وکلاء سے متعلق قانون کے تحت اِندراج شُدہ وکلاء کے مختلف عدالتوں، ٹریبونلوں اور دیگر مُقتدرات بشمولِ عدالت کسی عدالتِ عالیہ یا وفاقی شرعی عدالت میں پیش ہونے کے حق پر اثر انداز نہیں ہوں گے۔**

## ۸۔ مُفتیوں کا تقرّر

(۱) صدر، چیف جسٹس پاکستان یا چیف جسٹس وفاقی عدالت اور چیئرمین اِسلامی نظریاتی کونسل کے مشورہ سے، جس طرح وہ مناسب تصوّر کرے، ایسے اور اتنے مفتیوں کا تقرّر کرے گا جو عدالتِ عُظمیٰ، عدالتِ عالیہ اور وفاقی شرعی عدالت کی شریعت کے احکام کی تعبیر و تشریح میں اعانت کے لئے مطلوب ہوں۔

(۲) - ذیلی دفعہ (۱) - کے تحت مقرّر کردہ کوئی مفتی یا صدر کی رضا مندی کے دوران اپنے عہدے پر فائز رہے گا اور اس کا عہدہ فی الوقت کسی نائب اٹارنی جنرل برائے پاکستان کے برابر ہو گا۔

(۳) - مفتی کا یہ فرض ہو گا کہ وہ حکومت کو ایسے قانونی امور کے بارے میں جن پر شریعت کی تشریح و تعبیر درکار ہو مشورہ دے اور ایسے دیگر فرائض انجام دے جو حکومت کی طرف سے اُس کے سپُرد یا اُس کو تفویض کئے جائیں اور اُسے حق حاصل ہو گا کہ اپنے فرائض کی بجا آوری میں عدالتِ عُظمیٰ اور عدالتِ عالیہ میں جب کہ وہ اس قانون کے تحت اختیارِ سماعت استعمال کر رہی ہوں وہ وفاقی شرعی عدالت میں سماعت کے لئے پیش ہو۔

(۴) - کوئی مفتی کسی فریق کی وکالت نہیں کرے گا بلکہ کارروائی سے متعلق اپنی دانست کے مطابق شریعت کا حکم بیان کرے گا، اس کی توضیح، تشریح و تعبیر کرے گا اور شریعت کی تشریح کے بارے میں اپنا تحریری بیان عدالت میں پیش کرے گا۔

(۵) - حکومتِ پاکستان کی وزارتِ قانون و انصاف مفتیوں کے بارے میں انتظامی امور کی ذمّہ دار ہو گی۔

## ۹۔ شریعت کی تدریس و تربیت

(۱) مملکت، اِسلامی قانون کے مختلف شعبوں میں تعلیم و تربیت کے لئے مؤثر انتظامات کرے گی۔ تاکہ شریعت کے مطابق نظامِ عدل کے لئے تربیت یافتہ افراد دستیاب ہو سکیں۔

(۲) - مملکت کے ماتحت عدلیہ کے ارکان کے لئے وفاقی جوڈیشل اکادمی اِسلام آباد اور اِس طرح کے دیگر اداروں میں شریعت اور اِسلامی فقہ کی تدریس و تربیت نیز باقاعدہ وقفوں سے تجدیدی پروگراموں کے انعقاد کے لئے مؤثر انتظامات کرے گی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(۳) ۔ مملکت' پاکستان کے لاء کالجوں میں فقہ اور اصولِ فقہ کے جامع اسباق کو نصاب میں شامل کرنے کے لئے مؤثر اقدامات کرے گی۔

## ۱۰۔ معیشت کو اِسلامی بنانا

(۱) ۔ مملکت اِس امر کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کرے گی کہ پاکستان کے معاشی نظام کی تعمیر اجتماعی عدل کے اِسلامی اصولوں' اقدار اور ترجیحات کی بنیاد پر کی جائے اور دولت کمانے کے اُن تمام ذرائع پر پابندی ہو جو خلافِ شریعت ہیں۔

(۲) ۔ صدر' اس قانون کے آغازِ نفاذ کے ساٹھ دن کے اندر' ایک مستقل کمیشن مقرر کرے گا جو ماہرینِ معاشیات' عُلماء اور منتخب نمائندگانِ پارلیمنٹ پر مشتمل ہو گا جس کو وہ موزوں تصوّر کرے اور ان سے ایک کو اس کا چیئرمین مقرر کرے گا۔

(۳) ۔ کمیشن کے چیئرمین کو حسبِ ضرورت مشیر مقرر کرنے کا اختیار ہو گا۔

(۴)۔ کمیشن کے کارہائے منصبی حسبِ ذیل ہوں گے :

(الف) ۔ معیشت کو اِسلامی بنانے کے عمل کی نگرانی کرنا اور عدمِ تعمیل کے معاملات وفاقی حکومت کے علم میں لانا۔

(ب) ۔ کسی مالیاتی قانون یا محصولات اور فیسوں کے عائد کرنے اور وصول کرنے سے متعلق کسی قانون یا بنکاری اور بیمہ کے عمل اور طریقۂ کار کو اِسلام سے ہم آہنگ کرنے کے لئے سفارش کرنا۔

(ج) ۔ دستور کے آرٹیکل ۳۸ کی روشنی میں عوام کی سماجی اور معاشی فلاح و بہبود کے حصُول کے لئے پاکستان کے معاشی نظام میں تبدیلیوں کی سفارش کرنا اور

(د) ۔ ایسے طریقے اور اقدامات تجویز کرنا جن میں ایسے موزوں متبادلات شامل ہوں جن کے ذریعے وہ نظامِ معیشت نافذ کیا جا سکے جسے اِسلام نے پیش کیا ہے۔

(۵) ۔ کمیشن کی سفارش پر مستقل ایک جامع رپورٹ اس کے تقرّر کی تاریخ سے ایک سال کی مدت کے اندر وفاقی حکومت کو پیش کی جائے گی اور اس کے بعد کمیشن حسبِ ضرورت وقتاً فوقتاً اپنی رپورٹ پیش کرتا رہے گا۔ البتہ سال میں کم از کم ایک رپورٹ پیش کرنا لازمی ہو گا۔ کمیشن کی رپورٹ حکومت کو موصُول ہونے کے ۳ ماہ کے اندر پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں اور تمام صوبائی اسمبلیوں کے سامنے بحث کے لئے پیش کی جائے گی۔

(۶) ۔ کمیشن کو ہر لحاظ سے جس طرح وہ مناسب تصوّر کرے اپنی کارروائی کے انصرام اور اپنے طریقۂ کار کے انضباط کا اختیار ہو گا۔

(۷) ۔ جملہ انتظامی مقتدرات' ادارے اور مقامی حکام کمیشن کی اعانت کریں گے۔

(۸) ۔ وزارتِ خزانہ حکومتِ پاکستان اس کمیشن سے متعلق انتظامی امور کی ذمّہ دار ہو گی۔

## ۱۱۔ ذرائع ابلاغِ عامہ اِسلامی اقدار کو فروغ دیں گے

مملکت کی یہ ذمّہ داری ہو گی کہ وہ ایسے مؤثر اقدام کرے جن کے ذریعہ ذرائع ابلاغِ عامہ سے اِسلامی اقدار کو فروغ ملے نیز نشرو ابلاغ کے ہر ذریعہ سے خلافِ شریعت پروگرام' فواحش اور منکرات کی اِشاعت پر پابندی ہو گی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



### ۱۲۔ تعلیم کو اِسلامی بنانا

(۱) مملکت اِسلامی معاشرہ کی حیثیت سے جامع اور متوازن ترقی کے لئے مؤثر اقدامات کرے گی تاکہ اِس امر کو یقینی بنایا جاسکے کہ پاکستان کے نظامِ تعلیم و تدریس کی اساس اِسلامی اقدار پر ہو۔

(۲) صدر مملکت اس قانون کے آغازِ نفاذ سے ساٹھ دن کے اندر تعلیم اور ذرائع اِبلاغ کو اِسلامی سانچے میں ڈھالنے کے لئے ایک کمیشن مقرّر کرے گا۔ جو ماہرینِ تعلیم، ماہرینِ اِبلاغِ عامہ، علماء اور منتخب نمائندگان پارلیمنٹ پر مشتمل ہو گا جن کو وہ موزوں تصوّر کرے اور ان میں سے ایک کو اس کا چیئرمین مقرّر کرے گا۔

(۳) کمیشن کے چیئرمین کو حسبِ ضرورت مشیر مقرّر کرنے کا اختیار ہو گا۔

(۴) کمیشن کے کارہائے منصبی یہ ہوں گے :

(ا) ....... دفعہ ۱۱ اور اس دفعہ کی ذیلی دفعہ (۱) میں متذکرہ مقصد کے حصُول کے لئے پاکستان کے تعلیمی نظام اور ذرائع اِبلاغ کا جائزہ لے اور اس بارے میں سفارشات پیش کرے۔

(ب) تعلیم اور ذرائع اِبلاغ کو اِسلام کے مطابق ڈھالنے کے عمل کی نگرانی کرے اور عدمِ تعمیل کے معاملات وفاقی حکومت کے علم میں لائے۔

(۵) کمیشن کی سفارشات پر مشتمل ایک جامع رپورٹ اس کے تقرّر کی تاریخ سے ایک سال کی مدّت کے اندر وفاقی حکومت کو پیش کی جائے گی اور اس کے بعد کمیشن حسبِ ضرورت وقتاً" فوقتاً" اپنی رپورٹیں پیش کرتا رہے گا۔ البتّہ سال میں کم از کم ایک رپورٹ پیش کرنا لازمی ہو گا۔ کمیشن کی رپورٹ، حکومت کو موصُول ہونے کے تین ماہ کے اندر پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں اور تمام صوبائی اسمبلیوں کے سامنے بحث کے لئے پیش کی جائے گی۔

(٦) کمیشن کو ہر لحاظ سے، جس طرح وہ مناسب تصوّر کرے، اپنی کارروائی کے اِنصرام اور اپنے طریقۂ کار کے انضباط کا اختیار ہو گا۔

(۷) جملہ انتظامی مقتدرات، ادارے اور مقامی حکّام کمیشن کی اعانت کریں گے۔

(۸) وزارتِ تعلیم حکومتِ پاکستان اِس کمیشن سے متعلّق اِنتظامی امور کی ذمّہ دار ہو گی۔

### ۱۳۔ عُمّالِ حکومت کے لئے شریعت کی پابندی

انتظامیہ، عدلیہ اور مقننہ کے تمام مُسلمان ارکان کے لئے فرائضِ شریعت کی پابندی اور کبائر سے اِجتناب لازم ہو گا۔

### ۱۴۔ قوانین کی تعبیر شریعت کی روشنی میں کی جائے گی

اِس قانون کی غرض کے لئے (اوّل) قانون موضوعہ کی تشریح و تعبیر کرتے وقت، اگر ایک سے زیادہ تشریحات اور تعبیرات ممکن ہوں، تو عدالت کی طرف سے اس تشریح و تعبیر کو اختیار کیا جائے گا جو اِسلامی اصولوں اور فقہی قواعد و ضوابط اور اصُولِ ترجیح کے مطابق ہو، اور

(دوم) جب کہ دو یا دو سے زیادہ تشریحات و تعبیرات مساوی طور پر ممکن ہوں تو عدالت کی طرف سے اِس تشریح و تعبیر کو اختیار کیا جائے گا جو اِسلامی احکام اور دستُور میں بیان کردہ حکمتِ عملی کے اصُولوں کو فروغ دے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**۱۵۔ بین الاقوامی مالی ذمہ داریوں کا تسلسل**

اِس قانون کے احکام یا اِس کے تحت دیئے گئے کسی فیصلے کے باوجود اِس قانون کے نفاذ سے پہلے کسی قومی ادارے اور بیرونی ایجنسی کے درمیان عائد کردہ مالی ذمہ داریاں اور کئے گئے معاہدے مؤثر لازم اور قابلِ عمل رہیں گے۔

تشریح ------ اس دفعہ میں "قومی ادارے کے الفاظ میں وفاقی حکومت یا کوئی صوبائی حکومت' کوئی قانونی کارپوریشن' کمپنی' ادارہ' ہیئت' تجارتی ادارہ اور پاکستان میں کوئی شخص شامل ہوں گے اور "بیرونی ایجنسی" کے الفاظ میں' کوئی بیرونی حکومت کوئی بیرونی مالی ادارہ' بیرونی سرمایہ منڈی' بشمول بنک اور کوئی بھی قرض دینے والی بیرونی ایجنسی بشمول کسی شخص کے شامل ہوں گے۔

**۱۶۔ موجودہ ذمہ داریوں کی تکمیل**

اِس قانون میں شامل کوئی امر یا اس کے تحت کوئی دیا گیا فیصلہ کسی عائد کردہ مالی ذمہ داری کی باضابطگی پر اثر انداز نہیں ہو گا۔ بشمول ان ذمہ داریوں کے جو وفاقی حکومت یا کسی صوبائی یا کسی مالی یا قانونی کارپوریشن یا دیگر ادارے نے کسی دستاویزات کے تحت واجب کی ہوں یا اس کی طرف سے کی گئی ہوں۔ خواہ وہ معاہداتی ہوں یا بصورتِ دیگر ہوں یا ادائیگی کے وعدے کے تحت ہوں اور یہ تمام ذمہ داریاں' وعدے اور مالی پابندیاں قابلِ عمل لازم اور مؤثر رہیں گی۔

**۱۷۔ قواعد** ------ متعلقہ حکومت' سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے اس قانون کی اغراض کی بجا آوری کے لئے وضع کر سکے گی۔

# ضمیمہ نمبر ۴

## نفاذِ شریعت ایکٹ ۱۹۹۱ء

ہر گاہ کہ ساری کائنات پر حاکمیت صرف اللہ تعالٰی کی ہے اور اِس حاکمیت کو پاکستان کے عوام کی طرف سے اپنے منتخب نمائندوں کے ذریعے اس کی بیان کردہ حدود کے اندر استعمال کرنا ایک مقدس امانت ہے۔

اور ہر گاہ کہ اِسلام کو پاکستان کا سرکاری مذہب قرار دیا جا چکا ہے اور اِس طرح تمام مُسلمانوں کا یہ فرض ہے کہ وہ قرآنِ مجید اور سنت کے احکام پر عمل کریں تاکہ اُن کی زندگیاں مکمل طور پر خدائی قوانین کی اطاعت کے تحت آجائیں۔

اور ہر گاہ کہ قراردادِ مقاصد کو اِسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین میں مستقل جزو کے طور پر شامل کیا گیا ہے۔

اور ہر گاہ کہ اِسلامی ریاست کی یہ ایک بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ شہریوں کی عزت' زندگی' آزادی' جائیداد اور بنیادی حقوق کا تحفظ کرے اور امن کو یقینی بنائے اور اِسلامی نظامِ عدل کے ذریعے تمام عوام کو سستا اور جلد انصاف فراہم کرے۔

اور ہر گاہ کہ اِسلام امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی اِسلامی اقدار کی بنیاد پر سماجی نظام قائم کرنے کا حکم دیتا ہے۔

اور ہر گاہ کہ مذکورہ بالا مقاصد اور اہداف کے حصول کے لئے یہ ضروری ہے کہ ان اقدامات کو آئینی اور قانونی پشتیبانی کی جائے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

چنانچہ درج ذیل قانون بنایا جاتا ہے:

**۱۔ مختصر نام اطلاق اور آغاز**

(۱) - اِس ایکٹ کو نفاذِ شریعت ایکٹ ۱۹۹۱ء کا نام دیا گیا ہے۔

(۲) - اِس کا اطلاق پُورے پاکستان پر ہو گا۔

(۳) - یہ فوری طور پر نافذ العمل ہو گا۔

(۴) - اس ایکٹ کا کوئی جزو غیر مُسلموں کے پرسَنل لاز' مذہبی آزادی' روایات' رسوم و رواج اور طرزِ زندگی پر اثر انداز نہیں ہو گا۔

**۲۔ تعریف** ---- اس ایکٹ میں شریعت کا مطلب قرآن و سنّت کے بیان کردہ اِسلامی احکامات ہیں۔

وضاحت --- ۱۔شریعت کی تشریح و توضیح کرتے وقت قرآن و سنّت کی تشریح و توضیح کے مُسلّمہ اصُولوں کی پیروی کی جائے گی اور اِسلام کے مُسلّمہ فقہاء کی تشریح اور آراء پر عمل کیا جائے گا۔ موجودہ اِسلامی مکاتبِ فقہ کی آراء پر بھی غور کیا جا سکتا ہے۔

وضاحت ---۲۔جیسا کہ آئین کے آرٹیکل ۲۲۷ میں بیان کیا گیا ہے' مُسلمانوں کے کسی بھی فرقہ کے پرسَنل لاز کے حوالے سے تشریح کرتے وقت قرآن و سنّت کی تشریح سے مراد قرآن و سنّت کی اس فرقہ کی تشریح ہو گی۔

**۳۔ شریعت کی بالا دستی** ---- شریعت یعنی اسلام کے احکامات جو قرآن و سنّت میں بیان کئے گئے ہیں' پاکستان کا بالادست قانون (سپریم لاء) ہوں گے بشرطیکہ سیاسی نظام اور حکومت کی موجودہ شکل متاثر نہ ہو۔

**۴۔ قوانین کی تشریح شریعت کی روشنی میں ہو گی اِس ایکٹ کے مقصد کے لئے**

(ا) --- سٹیچولا --- کی تشریح کرتے وقت اگر ایک سے زائد تشریحات ممکن ہوں تو عدالت اِس تشریح کو اپنائے گی جو اِسلامی اصُولوں اور فقہ کے مطابق ہو گی اور

(ب) --- جہاں دو یا اِس سے زائد تشریحات مُساوی طور پر ممکن ہوں' تو وہ تشریح اختیار کی جائے گی جو آئین میں پالیسی کے اصُولوں اور اِسلامی دفعات کو آگے بڑھائے۔

**۵۔ مُسلمان شہریوں کی طرف سے شریعت پر عمل کرنا** ---- پاکستان کے تمام مُسلمان شہری شریعت اور ایکٹ پر عمل کریں گے۔

**۶۔ شریعت کی تعلیم اور اُس کی تربیت وغیرہ** ---- ریاست درج ذیل مقاصد کے لئے مؤثر انتظامات کرے گی۔

(ا) --- تعلیمی اور پیشہ وارانہ تربیت کی مناسب سطح پر شریعت' اِسلامی فقہ اور اِسلامی قانون کی دیگر تمام شاخوں کی تعلیم اور تربیت۔

(ب) -- لاء کالجوں کے نصاب میں شرعی کورس شامل کرنا۔

(ج) -- عربی زبان کی تعلیم دینا اور

(د) -- شریعت' اِسلامی فقہ اور اِفتاء کی مناسب تعلیم رکھنے والے افراد کی خدمات عدالتی نظام کے لئے حاصل کرنا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

### ۷۔ تعلیم کی اسلامائزیشن

(۱) ریاست اس بات کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کرے گی کہ پاکستان کا تعلیمی نظام تعلیم و تدریس اور کردار سازی کی اسلامی اقدار کی بنیاد پر قائم ہو۔

(۲) وفاقی حکومت اس ایکٹ کے نفاذ کے بعد ۳۰ دنوں کے اندر اندر ماہرینِ تعلیم، ماہرینِ قانون، علماء اور منتخب نمائندوں جنہیں وہ مناسب سمجھے، پر مشتمل ایک کمیشن قائم کرے گی اور ان میں سے ایک کو کمیشن کا چیئرمین مقرر کرے گی۔

(۳) کمیشن کا کام یہ ہوگا کہ وہ پاکستان کے نظامِ تعلیم کا جائزہ لے تاکہ ذیلی دفعہ (۱) میں بیان کردہ مقاصد حاصل کئے جا سکیں اور اس سلسلہ میں سفارشات تیار کرے۔

(۴) کمیشن کی سفارشات پر مشتمل ایک رپورٹ وفاقی حکومت کو پیش کی جائے گی۔ جو اسے مجلسِ شوریٰ (پارلیمنٹ) کے دونوں ایوانوں کے سامنے رکھے گی۔

(۵) کمیشن کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ جس حوالے سے بھی مناسب سمجھے اپنی کارروائی کرے۔ اور اپنا طریقۂ کار بنائے۔

(۶) تمام انتظامی اتھارٹیاں، ادارے اور مقامی اتھارٹیاں کمیشن کی مدد کریں گی۔

(۷) حکومتِ پاکستان کی وزارتِ تعلیم کمیشن سے متعلقہ انتظامیہ امور کی ذمہ دار ہوگی۔

### ۸۔ معیشت کی اسلامائزیشن

(۱) ریاست اس امر کو یقینی بنانے کے اقدامات کرے گی کہ پاکستان کا اقتصادی نظام، اسلامی اقتصادی مقاصد، اصولوں اور ترجیحات کی بنیاد پر تعمیر کیا جائے۔ (۲) وفاقی حکومت اس ایکٹ کے نفاذ کے بعد ۳۰ دن کے اندر اندر ماہرینِ اقتصادیات، بنکاروں، قانون دانوں، علماء اور منتخب نمائندوں اور ایسے دوسرے افراد جنہیں وہ مناسب سمجھے، پر مشتمل ایک کمیشن قائم کرے گی اور ان میں سے ایک کو کمیشن کا چیئرمین مقرر کرے گی۔

(۳) کمیشن کے ذمہ یہ کام ہوں گے:

(ا) ایسے اقدامات، جن میں مناسب متبادل بھی شامل ہوں گے، تجویز کرنا جن کی بدولت اسلام کا بیان کردہ اقتصادی نظام قائم کیا جا سکے۔

(ب) پاکستان کے اقتصادی نظام میں ایسی تبدیلیوں کے لئے جن سے آئین کے آرٹیکل ۳۸ میں بیان کردہ عوام کی سماجی اور اقتصادی بہبود حاصل ہو سکے، ذرائع، طریقے اور حکمتِ عملی تجویز کرنا۔

(ج) ہر مالی قانون یا ٹیکس اور فیس عائد کرنے یا ان کی وصولی سے متعلقہ قانون یا بنکاری اور انشورنس کے قانون یا طریقۂ کار کا جائزہ لینا تاکہ یہ امر متعین کیا جا سکے کہ یہ قوانین شریعت سے متصادم ہیں یا نہیں اور ان قوانین ہائے کار کو شریعت کے مطابق بنانے کے لئے سفارشات تیار کرنا اور

(د) اقتصادیات کی اسلامائزیشن میں ہونے والی پیش رفت کی نگرانی کرنا، اس میں کوتاہیوں اور رکاوٹوں کی شناخت کرنا اور کسی بھی مشکل کو دور کرنے کے لئے متبادل تجویز کرنا۔

(۴) کمیشن اقتصادی امور کے ہر شعبہ سے کم از کم ممکن وقت میں ربوٰ کے خاتمہ کے عمل کی نگرانی کرے گا اور حکومت کو اقدامات کی سفارش کرے گا جو معیشت سے ربوٰ کے مکمل خاتمہ کو یقینی بنائیں گے۔

(۵) کمیشن باقاعدہ بنیادوں پر مناسب [illegible] وفاقی حکومت کو پیش کرے گا جو انہیں مجلسِ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شوریٰ (پارلیمنٹ) کے دونوں ایوانوں میں رکھے گی اور کمیشن اسلامی اقتصادی نظام کے قیام کے سلسلے میں وفاقی حکومت کے کسی بھی استفسار کا جواب دے گا۔

(۶) کمیشن کو اختیار ہو گا کہ وہ اپنی کارروائی اور طریقۂ کار کو ہر حوالے سے جو وہ مناسب سمجھے چلائے۔

(۷) تمام انتظامی اتحاد اتھارٹیاں' ادارے اور مقامی اتھارٹیاں کمیشن کی مدد کریں گی۔

(۸) حکومتِ پاکستان کی وزارتِ خزانہ کمیشن سے متعلق انتظامی امور کی ذمّہ دار ہو گی۔

**۹۔ ذرائع اِبلاغ کے ذریعے اِسلامی اقدار کا فروغ**

(۱) حکومت ذرائع اِبلاغ کے ذریعے اِسلامی اقدار کو فروغ دینے کے سلسلے میں ضروری اقدامات کرے گی۔

(۲) شریعت کے خلاف توہین آمیز مواد جس میں فحاشی کی ترغیب دی گئی ہو' کی اشاعت پر مکمل پابندی ہو گی۔

**۱۰۔ ہر شہری کی جان و مال اور شخصی آزادی کی ضمانت** --- پاکستان کے ہر شہری کے جان و مال عزت، حقوق اور آزادی کے تحفظ کی خاطر حکومت قانونی اور انتظامی اقدامات کرے گی جس کے تحت

(ا) انتظامیہ اور پولیس میں اصلاحات کا نفاذ (ب) دہشت گردی اور سبوتاژ اور تخریبی سرگرمیوں کو روکنا (ج) غیر قانونی اسلحہ کا رکھنا اور اس کے مظاہرے پر پابندی لگانا۔

**۱۱۔ رشوت اور کرپشن کا خاتمہ** --- رشوت ستانی' کرپشن اور بددیانتی پر قابو پانے کے لئے حکومت قانونی اور انتظامی اِقدامات کرے گی اور ہر جُرم کے لئے مثالی سزا دی جائے گی۔

**۱۲۔ فحاشی اور بے حیائی کو دُور کرنا** --- فحاشی بے حیائی اور دیگر غیر اخلاقی حرکات کے خاتمہ کے لئے حکومت قانونی اور اِنتظامی اختیارات کا سختی سے استعمال کرے گی۔

**۱۳۔ سماجی برائیوں کا خاتمہ** ---- قرآنِ حکیم کے اِرشاد کے مطابق اَمر بالمعروف ونَہی عنِ المنکر کے اصُولوں کے تحت اِسلامی شعائر کے فروغ کے لئے حکومت سماجی برائیوں پر قابو پانے اور اُن پر عمل درآمد کے لئے ضروری قوانین وضع کرے گی۔

**۱۴۔ نظامِ عدل** --- حکومت عدلیہ کے نظام کو اِسلامی رنگ دینے کے لئے ضروری اقدامات کرے گی اور ایسے قوانین کو ختم کر دے گی جس میں مختلف عدالتوں میں ایک ہی مقدمہ کی سماعت سے انصاف حاصل کرنے میں تاخیر ہوتی ہو۔ اس کے علاوہ مقدّمہ کے اخراجات میں کمی کے علاوہ عدالت سے انصاف کے حصُول کی جستجو کو یقینی بنایا جائے گا۔

**۱۵۔ بیت المال (ویلفیئر فنڈ)** --- غریبوں' بے سہارا' حاجت مندوں' معذُوروں' بیواؤں' یتیموں اور بے کس لوگوں کی مالی امداد کیلئے حکومت ایک بیت المال قائم کرے گی۔

**۱۶۔ نظریۂ پاکستان کا تحفظ** --- پاکستان کو ایک اِسلامی مملکت کی حیثیت سے اس کے نظریہ' یک جہتی اور اِستحکام کی حفاظت کے لئے حکومت ضروری قوانین نافذ کرے گی۔

**۱۷۔ جھُوٹے الزامات کے خلاف حفاظتی اقدامات** ---- پاکستانی شہریوں کے خلاف جھوٹے الزامات' کردار کشی اور اُن کی پرائیویٹ زندگی کے خلاف سرگرمیوں کو روکنے کے لئے حکومت قانونی اور اِنتظامی کارروائی کرے گی تاکہ ان کی عزّت اور شہرت کا تحفظ کیا جائے۔

**۱۸۔ بین الاقوامی مالیاتی فرائض** ---- اس ایکٹ میں شامل ہر جزو یا کسی عدالت کے فیصلے کے باوجود جب تک کہ متبادل اقتصادی نظام نافذ [illegible] داریاں اور قومی اداروں اور غیر ملکی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اداروں کے درمیان کئے جانے والے معاہدے، بہ قرار قانونی واجب العمل اور جاری رہیں گے۔

تشریح ـ اس شق میں قومی ادارے کی تشریح کے طور پر ایسے تمام وفاقی اور صوبائی ادارے قانونی کارپوریشن، کمپنیاں، ادارے، باڈی، انٹرپرائز یا پاکستان کا کوئی شخص اور غیر ملکی ایجنسی کی اصطلاح میں بیرونی حکومت، غیر ملکی مالیاتی ادارہ، غیر ملکی کیپٹل مارکیٹ جس میں بنک یا کوئی غیر ملکی قرضہ جاری کرنے والی کمپنی بشمول فردِ واحد اور مال مہیا کرنے یا خدمات ادا کرنے والا شخص۔

**۱۹ـ موجودہ فرائض کو پُورا کرنا** ــــ اِس ایکٹ میں شامل ہر جزو یا اِس کے تحت کیا جانے والا کوئی فیصلہ، کسی بھی ادا شدہ مالیاتی فرائض بشمول کوئی معاہدہ جو کسی کنٹریکٹ کے تحت کیا گیا ہو یا کسی دوسرے طریقہ سے جس میں رقم کی ادائیگی کا وعدہ کیا گیا ہو یا وفاقی، صوبائی حکومت کسی مالیاتی یا قانونی ادارے یا کسی دیگر ادارے نے ادائیگی کا وعدہ کیا ہو اور یہ سب کنٹریکٹ اور ادائیگی کے وعدے قانونی اور پابند رہیں گے اور اُس وقت تک جاری رہیں گے جب تک کہ ایک متبادل اقتصادی نظام معرض وجود میں نہ آجائے۔

**۲۰ـ عورتوں کے حقوق مُتاثر نہیں ہوں گے** ــــ اِس ایکٹ میں شامل کسی بھی جزو کے باوجود آئین کے تحت عورتوں کے دیئے جانے والے کوئی بھی حقوق متاثر نہیں ہوں گے۔

**۲۱ـ پارلیمنٹ کے قانون سازی کے حقوق مُتاثر نہیں ہوں گے** ــــ اس ایکٹ میں شامل کسی بھی جزو کے باوجود پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلیوں کو آئین کے تحت متعلقہ اُمور کے بارے میں قانون سازی کے خصوصی حقوق حاصل ہوں گے۔

**۲۲ـ** اِس ایکٹ کے مقاصد کی تکمیل کے لئے وفاقی حکومت سرکاری گزٹ میں ایک نوٹیفیکیشن کے ذریعے قوانین کا اعلان کر سکے گی۔

## مقاصد اور اُن کی وجوہات کی تشریح

پاکستان کو ایک اِسلامی ریاست بنانے کی عوامی خواہش کا احترام کرتے ہُوئے دیگر اُمور کے علاوہ (۱) ایک ایسا سماجی نظام قائم کیا جائے گا جس میں شہریوں کے مابین مساوات پر مبنی ایک ایسی سوسائٹی قائم کی جائے جو لوٹ کھسوٹ کی بجائے شہریوں کے جان و مال آزادی اور حقُوق کو یقینی بنائے اور آزادانہ اِسلامی اِنصاف کی طرز پر ہر شہری کو سستا اور فوری انصاف مہیا کرے۔

(ب) شریعت کے مطابق ایسا سسٹم رائج کیا جائے گا جس کے تحت رشوت، کرپشن اور بدعنوانی کا خاتمہ ہو۔

(ج) فحاشی، غیر اَخلاقی اور دیگر سماجی برائیوں کا قلع قمع کر دیا جائے گا۔ یہ بل قرار دیتا ہے کہ شریعت یعنی قرآن و سنّت کے بیان کردہ احکام پاکستان کا سپریم لاء ہوں گے۔ بل تقاضا کرتا ہے کہ پاکستان کے تمام مسلمان شہری شریعت پر ایمانداری سے عمل کریں گے۔ بل ریاست پر ذمہ داری عائد کرتا ہے کہ:

(ا) شریعت اور اِسلامی فقہ کے اصُولوں کی تعلیم و تربیت کے لئے نتیجہ خیز انتظامات کرے۔

(ب) اِسلامی طریقہ انصاف کو با اثر بنانے کے لئے ضروری اقدامات کرے تاکہ لوگوں کو مختلف عدالتوں سے رجوع کرنے کی ضرورت سے بچایا جا سکے۔

(ج) لوگوں کی زندگی، عزّت، آزادی، جائیداد اور حقُوق کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے پولیس میں اِصلاحات کرے۔

(د) ہر قسم کی کرپشن کو ختم کرنے کے [illegible] جائے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


(ڈ) غریبوں، حاجت مندوں، بیواؤں یتیموں اور بے سہارا شہریوں کی مدد کے لئے ایک بیتُ المال قائم کرے۔
(ذ) فحاشی، بے حیائی اور دیگر برائیوں کے خاتمہ کے لئے قانونی اور انتظامی اقدامات کرے۔
(ر) پاکستان کے نظریہ، استحکام اور یک جہتی کی حفاظت کے لئے ضروری قوانین وضع کرے۔
(ڑ) غیر قانونی اسلحہ رکھنے یا اُس کا مظاہرہ کرنے پر پابندی لگانے کے لئے ضرُوری قوانین بنائے۔
(ز) پاکستان کے اقتصادی نظام کو اسلامی اقدار اور اصُولوں کی بنیاد پر قائم رکھنے کے لئے ایک کمیشن قائم کرے جس میں ماہرِ اقتصادیات، بنکنگ، قانونی ماہرین، عُلماء اور عوام کے منتخب نمائندے شامل ہوں جن کے فرائض میں ایسے اقدامات اور طریقِ کار کی سفارش کرنا ہے جو موجودہ اقتصادی نظام کے بدلے ایک اسلامی اقتصادی نظام کی بنیاد رکھ سکے جس پر عمل کرنے سے اقتصادیات کو اسلامائزیشن کے رُوپ میں ڈھالا جا سکے اور یہ ایک ایسا اسلامی اقتصادی نظام ہو جو اقتصادیات کے ہر شعبہ سے ربوٰ کا کلّی طور پر خاتمہ کر سکے اور یہ عمل جلد از جلد ہونا چاہیے۔
(ژ) ذرائع ابلاغ کے ذریعے اسلامی اَقدار کے فروغ کے لئے ضرُوری اقدامات کرے۔
(س) پاکستان کے تعلیمی نظام کو اسلامی اقدار پر مبنی تعلیمات، درس و تدریس اور اخلاقیات کے فروغ کو یقینی بنانے کے لئے ضروری اقدامات کے سلسلے میں ایک کمیشن قائم کرے جس میں تعلیمی ماہرین، قانون دان، عُلماء اور عوام کے منتخب نمائندے شامل ہوں گے جو درجہ ذیل اُمور کے لئے اپنی سفارشات پیش کریں:
(۱) سماجی برائیوں کو دُور کرنے اور قرآن و سنّت میں بیان کردہ اَمر بالمعروف ونہی عنِ المنکر کے اسلامی اصُولوں پر مبنی اسلامی اقدار کے فروغ کو یقینی بنائے۔
(ب) پاکستان کے اقتصادی نظام کو تباہی سے بچانے اور تمام معاہدوں کا احترام کرتے ہُوئے اُنہیں باعزّت طور پر پُورا کرنے کی خاطر یہ بل تمام مالی فرائض اور معاہدہ جات جو قومی اداروں اور غیر ملکی ایجنسیوں کے مابین کئے گئے ہیں، کسی نئے اقتصادی نظام کے نفاذ تک ان پر عمل درآمد کو یقینی بنائے۔

# ضمیمہ نمبر ۵

## قرار دادِ مجلسِ شوریٰ جماعتِ اسلامی پاکستان

اسلامی جمہوری اتحاد نے جس منشُور پر ۱۹۸۸ء اور ۱۹۹۰ء میں قوم سے مینڈیٹ حاصل کیا تھا اس کا سب سے نمایاں وعدہ ملک میں قرآن و سنّت کی بالا دستی کا قیام اور شریعت کا عملی نفاذ تھا۔ اِس مقصد کے لئے سینٹ میں شریعت بل پاس کیا گیا تھا اور اِسی مقصد کے لئے وزیرِ اعظم صاحب نے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس مورخہ ۱۰ر اپریل ۱۹۹۱ء میں اس وعدہ کا اعادہ کیا اور واشگاف الفاظ میں قوم سے عہد کیا کہ شریعت بل کے ساتھ دستُور میں ترمیم کے ذریعہ قرآن و سنّت کو ملک کا بالا تر قانون قرار دیا جا رہا ہے۔ اِس کے بعد جس شکل میں شریعت بل کو پارلیمنٹ سے منظور کرایا گیا ہے اور جس بے اتفاقی سے دستُوری ترمیم کا بل اب تک پارلیمنٹ میں پیش نہیں کیا گیا وہ بے حد افسوس ناک ہے۔ مجلسِ شُوریٰ جماعت اسلامی پاکستان اِس امر کا اعلان کرتی ہے کہ وزیرِ اعظم نے دستُوری ترمیم اور قوانین کے جس مجموعے package کا وعدہ کیا تھا، اس پر عمل سے یہ گریز ناقابلِ فہم اور اُس مینڈیٹ کی نفی ہے جس سے ان کو حکمرانی کا حق عوام نے دیا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شریعت ایکٹ ۱۹۹۱ء مختلف پہلوؤں سے ناقص اور نامکمل ہے۔ اِس میں دفعہ ۳ اور ۲۰ اور ۲۱ کے استثناء' اللہ کی حاکمیت اور قرآن و سنّت کی غیر مشروط بالا دستی اور اطاعت کے اقرار سے فرار کے مترادف ہیں جس کا اختیار خُدا کے قانون کے مطابق کسی مُسلمان فرد یا مُسلمان ملک کی پارلیمنٹ کو حاصل نہیں۔ اس ایکٹ میں مختلف گروہوں کو خوش کرنے کے لئے اتنے سمجھوتے کئے گئے ہیں کہ انھوں نے قانون کی اصل افادیت کو بُری طرح مجروح کر دیا ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ قرآن و سنّت کو بالا تر قانون قرار دینے کے لئے دستُوری ترمیم کے بارے میں مسلسل خاموشی ہے اور اس سمت میں کوئی عملی اقدام نہیں کیا جا رہا حالانکہ اس کا وعدہ پُوری قوم اور خصوصیت سے پارلیمنٹ میں موجود دینی جماعتوں سے پُوری صراحت کے ساتھ کیا گیا تھا۔

جماعتِ اِسلامی پاکستان کی مرکزی مجلسِ شُوریٰ اس امر کا مطالبہ کرتی ہے کہ:

(ا) دستُوری ترمیم کے ذریعہ بِلا تاخیر قرآن و سنّت کو ملک کا بالا تر قانون قرار دیا جائے۔

(ب) شریعت ایکٹ میں ضروری ترامیم کی جائیں تاکہ (ا) ملک کی اعلیٰ عدالتوں کو یہ اختیار حاصل ہو جائے کہ وہ تمام امُور میں (قوانین اور احکام و اقدام) شریعت کے مطابق فیصلے کرنے کی مجاز ہو جائیں۔ (۲) دفعہ ۳ ' ۲۰ اور ۲۱ کی اُن تمام استثنائی صُورتوں کو ختم کیا جائے۔ جو دراصل شریعت پر ایک طرح کے عدمِ اعتماد اور اس سے فرار کی راہیں کھولنے کا باعث ہو سکتی ہیں۔ (۳) سودی لین دین پر مکمل پابندی ہو۔

مجلسِ شُوریٰ حکومت اور پارلیمنٹ کو متنبّہ کرتی ہے کہ اُسے عوام نے حکمرانی کا جو حق دیا ہے وہ شریعت کی بالا دستی کے عہد سے مشروط ہے اور اگر اس عہد کے ایفا میں لیت و لعل سے کام لیا گیا تو ملک کی تمام دینی جماعتیں مجبور ہوں گی کہ رائے عامہ کو منظم کریں اور عوامی مینڈیٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں کا مؤثر محاسبہ کریں۔

○



© rasailojaraid.com